باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | Member AKNS | ABC Certified
www.dailydhartiajk.com dailydharti@gmail.com
روزنامہ
کشمیر دھرتی
راولاکوٹ
چیف ایگزیکٹو: ڈاکٹر عمران حسین
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق
ایڈیٹر: عمر خیام
جلد 03 | بدھ 22 جنوری 2025ء، 21 رجب 1446ء، 11 ماگھ 2081 | صفحات 04 / قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 273

مسئلہ کشمیر پر نئی قومی پالیسی کی تشکیل، مشاورت اور تجاویز کا جائزہ لینے کے لیے آل پارٹیز کانفرنس بلانے کا فیصلہ

کانفرنس فروری میں اسلام آباد میں ہوگی، آزاد کشمیر کی جملہ سیاسی قیادت، حریت کانفرنس کے ذمہ داران، سابق سفارتکار انسانی حقوق کے لیے سرگرم اداروں اور اہم شخصیات کو بھی شرکت کی دعوت دی جائے گی

کشمیری کمیونٹی نے آزاد کشمیر اور بیرون ملک اپنی بساط کے مطابق کردار ادا کیا مگر مزید کام کرنا پڑے گا، 6 سال گزرنے کے باوجود کشمیر پالیسی کے حوالے سے سردمہری نے مایوسی پیدا کی ہے، راجہ فاروق حیدر خان

مظفرآباد (دھرتی نیوز) آزاد کشمیر کے سابق وزیراعظم اور مسلم لیگ ن کے مرکزی راہنما راجہ فاروق حیدر خان نے مسئلہ کشمیر پر نئی قومی پالیسی کی تشکیل، مشاورت اور تجاویز کے لیے آل پارٹیز کانفرنس بلانے کا اعلان کردیا۔ کانفرنس ماہ فروری میں اسلام آباد میں ہوگی جس میں آزاد کشمیر کی جملہ سیاسی قیادت، حریت کانفرنس کے ذمہ داران، سابق سفارتکار اور انسانی حقوق کے لیے سرگرم اداروں اور شخصیات کو بھی شرکت کی دعوت دی جائے گی۔ دارالحکومت مظفرآباد میں منگل کے روز میڈیا کے ساتھ بات چیت کے دوران سابق وزیراعظم راجہ فاروق حیدر خان کا کہنا تھا کہ 5 اگست 2019ء کو بھارتی حکومت کی جانب سے مقبوضہ کشمیر کے حوالے سے اٹھائے گئے یکطرفہ اقدامات کے خلاف سفارتی سطح پر ہماری طرف سے جو کچھ ہونا چاہیے تھا نہیں ہوا، اس (بقیہ 29 صفحہ 03)

مظفرآباد: سابق وزیراعظم راجہ فاروق حیدر نے مسئلہ کشمیر پر نئی قومی پالیسی کی تشکیل، مشاورت اور تجاویز کے لیے آل پارٹیز کانفرنس بلانے بارے گفتگو کر رہے ہیں

بنچز کے اختیارات کا کیس مقرر نہ کرنے پر توہین عدالت کے نوٹس

2 رکنی بنچ نے سینئر وکلاء سینیٹر حامد خان اور منیر احمد ملک کو عدالتی معاون مقرر کردیا

اسلام آباد (صباح نیوز) سپریم کورٹ بنچز کے اختیارات کا کیس مقرر نہ کرنے پر توہین عدالت کے کیس میں سپریم کورٹ کے سینئر ترین جج جسٹس سید منصور علی شاہ کی سربراہی میں (بقیہ 30 صفحہ 03)

حکومت مستحکم ہے، اتحادیوں کا دست تعاون حاصل ہے، وزیراعظم آزاد کشمیر

وفاقی حکومت اور وفاقی اسٹیک ہولڈرز کا ہمارے ساتھ غیر مشروط تعاون حاصل رہا ہے

جہادی کلچر کی سینٹمنٹ پر پوری طرح قائم ہوں، ٹی وی انٹرویو

مظفرآباد (پی آئی ڈی) آزاد جموں وکشمیر کے وزیراعظم چوہدری انوارالحق نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر اور پاکستان کے مابین "لا الہ الا اللہ" کا دائمی رشتہ ہے، جب سے وزیراعظم (بقیہ 31 صفحہ 03)

قومی کمیشن برائے وقار نسواں ترمیمی بل کثرت رائے سے منظور ہوگیا

پاکستان تحریک انصاف کے سینیٹرز کی طرف سے بل کو کمیٹی میں بھیجنے کی استدعا مسترد کردی گئی، رائے شماری کے بعد فیصلہ

بل میں فیڈرل حکومت کو متعلقہ ڈویژن کی ترمیم کی جارہی ہے، آج ہی منظور کیا جائے، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کا خطاب

اسلام آباد (صباح نیوز) سینیٹ نے قومی کمیشن برائے وقار نسواں ترمیمی بل 2025 کثرت رائے سے منظور کرلیا۔ سینیٹ کا اجلاس ڈپٹی چیئرمین سیدال خان کی زیرصدارت ہوا۔ سینیٹر شہادت اعوان نے سینیٹر فاروق ایچ نائیک کی طرف سے سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر ترمیمی بل 2024 پر کمیٹی کی رپورٹ پیش کی۔ وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے قومی کمیشن برائے وقار نسواں ترمیمی بل 2025 ایوان میں پیش کیا۔ بل میں فیڈرل حکومت کو متعلقہ (بقیہ 32 صفحہ 03)

آزاد کشمیر ہائی کورٹ کا محکمہ پولیس میں نئی بھرتیوں پر حکم امتناعی جاری

این ٹی ایس پاس امیدواران کو ویٹنگ لسٹ پر رکھنے کے باوجود نئی آسامیوں کیلئے ٹیسٹ انٹرویو کے لیے تاریخ کا اعلان کیا گیا

ویٹنگ لسٹ پر موجود نوجوانوں کی تقرریاں ہوئے بغیر نئی آسامیوں پر ٹیسٹ انٹرویو نہیں ہو سکتے، رٹ پٹیشن میں موقف

مظفرآباد (صباح نیوز) عدالت العالیہ آزاد جموں وکشمیر نے آزاد کشمیر پولیس میں نئی بھرتیوں پر حکم امتناعی جاری کردیا، تحریری ٹیسٹ غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی، درخواست گزاروں کا کہنا ہے کہ ان بھرتیوں سے قبل پہلے سے این ٹی ایس پاس امیدواران کو تعینات کیا جائے۔ ویٹنگ لسٹ پر موجود نوجوانوں کی تقرریاں ہوئے بغیر نئی آسامیوں پر ٹیسٹ انٹرویو نہیں ہو سکتے، جس پر این ٹی ایس امیدواروں کی پر عدالت نے فریقین کو نوٹس جاری کرنے (بقیہ 33 صفحہ 03)

چینی کمپنی کا آزاد کشمیر میں سرمایہ کاری کرنے کا اعلان

چین کی یونن سنی کمپنی کے ڈائریکٹر مسٹر لی پنگ (Li Ping) کی صدر آزاد کشمیر سے ملاقات، آزاد کشمیر میں مختلف شعبہ جات میں سرمایہ کاری کرنے میں دلچسپی کا اظہار، منصوبوں سے متعلق بریفنگ دی گئی

بیرون ملک سے بالخصوص چین سے آزاد کشمیر میں سرمایہ کاری خوش آئند ہے، سرمایہ کار آگے بڑھیں ہم انہیں حکومتی اور ہر سطح پر تعاون اور مدد فراہم کریں گے، صدر آزاد کشمیر کی چینی وفد سے بات چیت

اسلام آباد (دھرتی نیوز) صدر ریاست آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر معدنیات و قدرتی وسائل سے مالا مال ہے۔ اسی طرح آزاد کشمیر خوبصورتی میں بھی اپنا ثانی نہیں رکھتا اور یہاں سیاحت کے بھی بے شمار مواقع میسر ہیں اور یہاں پر امن وامان کا بھی کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ لہٰذا بیرون ممالک سے سرمایہ کار آزاد کشمیر میں سرمایہ کاری کے لئے آئیں ہم انہیں ہر طرح سے سہولیات اور معاونت فراہم کریں گے۔ آزاد کشمیر میں قیمتی پتھروں بالخصوص روبی اور دیگر کے وسیع ذخائر ہیں۔ اسی طرح آزاد کشمیر میں سرمایہ کاری کے لئے بہت بڑا پوٹینشل ہے بیرونی سرمایہ کار آگے بڑھیں اس سلسلے میں حکومت آزاد کشمیر انہیں ہر طرح کی مدد اور مواقع فراہم کرے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آج یہاں ایوان صدر کشمیر ہاؤس اسلام آباد میں (بقیہ 34 صفحہ 03)

اسلام آباد: صدر آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری سے چین کی یونن سنی کمپنی کے ڈائریکٹر مسٹر لی پنگ ملاقات کر رہے ہیں

آزاد کشمیر میں 1290 نئے ڈاکٹرز بھرتی کرنے کی منصوبہ سازی

میڈیکل آفیسرز کی 161، اسپیشلسٹ ڈاکٹرز کی 70 ڈینٹل سرجن کی 11 سیٹیں تخلیق

مظفرآباد (صباح نیوز) وزیراعظم آزاد کشمیر اور وزیر صحت عامہ نے ڈی جی صحت عامہ ڈاکٹر فاروق احمد نور کی کاوشوں کو شرف پذیرائی بخشتے ہوئے 1290 مختلف کیڈرز کے ڈاکٹرز کی نئی ریکروٹنگ کے احکامات جاری کر دیے۔ ڈاکٹرز جائنٹ ایکشن کمیٹی آزاد کشمیر کی شبانہ روز محنت رنگ لائی۔ میڈیکل آفیسرز کی 161، اسپیشلسٹ ڈاکٹرز کی 70 اور ڈینٹل سرجن کی 11 سیٹیں تخلیق۔ تفصیلات کے (بقیہ 35 صفحہ 03)

مظفرآباد کے بلند پہاڑی علاقوں پر برفباری

مظفرآباد (صباح نیوز) مظفرآباد کے بلند پہاڑی علاقے کوہ کلرا، پیر چناسی، سراں، پنجکوٹ اور بھیڑی کے علاقوں میں برفباری شروع ہوگئی ہے۔ برفباری شروع ہونے سے سردی کی (بقیہ 36 صفحہ 03)

قتل وغارت کرنے والے پاکستان کے بھی دشمن ہیں، وزیراعظم

گوادر پورٹ کے خلاف محاذ آرائی پاکستان دشمنی ہے، کابینہ سے خطاب

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ گوادر پورٹ کے خلاف محاذ آرائی پاکستان دشمنی ہے، قتل وغارت کرنے والے بلوچستان کے عوام کے ہی نہیں پاکستان کے بھی دشمن ہیں۔ پاکستان غزہ میں بحالی اور تعمیر نو کے عمل میں اپنا کردار ادا کریگا۔ وفاقی کابینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ غزہ میں بالآخر تباہی اور خونریزی کے بعد صرف 42 روز کیلئے جنگ (بقیہ 37 صفحہ 03)

یاسین ملک پر 35 سال پرانے مقدمات دہلی منتقل نہیں ہو سکتے، عدالت

بھارت سرکار کی کوششوں کو اس وقت ناکامی سے دوچار ہونا پڑا جب گذشتہ روز سپریم کورٹ نے سی بی آئی کی درخواست مسترد کی

مقدمات جموں سے دہلی منتقل کرنے کی بھارتی حکومت کی کوششوں کو سپریم کورٹ میں ناکامی سے دوچار ہونا پڑا، لبریشن فرنٹ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) جموں کشمیر لبریشن فرنٹ نے نئی دہلی کے تہاڑ جیل میں قید پارٹی چیئرمین یاسین ملک پر 35 سال پرانے مقدمات جموں سے دہلی منتقل نہ کرنے کے عدالتی حکم کو خوش آئند اور اطمینان بخش قرار دیا ہے۔ لبریشن فرنٹ کے مطابق بھارتی تہاڑ جیل میں گذشتہ چھ سال سے مسلسل نظربند قائد انقلاب، ریاست جموں کشمیر کے ہردلعزیز قومی رہنما و چیئرمین جموں کشمیر لبریشن فرنٹ محمد یاسین ملک اور ان کے کئی قریبی ساتھیوں (بقیہ 53 صفحہ 03)

فلسطینی کے حق خود ارادیت کی جدوجہد سے پیچھے نہیں ہٹیں گے، پاکستان

سلامتی کونسل کے اجلاس میں مشرق وسطی کی صورتحال پر پاکستانی مندوب کا خطاب

نیویارک (صباح نیوز) پاکستان نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ مسلم عوام فلسطینی عوام کے اپنے حق خود ارادیت اور ریاست کی جدوجہد کی حمایت سے پیچھے نہیں (بقیہ 56 صفحہ 03)

پی آئی اے کو نگرانی لسٹ میں دوبارہ ڈال دیا گیا

اسلام آباد (صباح نیوز) سینیٹ کو بتایا گیا ہے کہ پاکستان کی قومی فضائی کمپنی (بقیہ 54 صفحہ 03)

پاکستان میں سرمایہ کاری کے لئے ماحول سازگار ہے، سید یوسف رضا گیلانی

پاکستان سویڈن کے ساتھ تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، سویڈن سفیر سے گفتگو

اسلام آباد (صباح نیوز) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے (بقیہ 57 صفحہ 03)

پاک فضائیہ کا دستہ سعودی عرب پہنچ گیا

اسلام آباد (صباح نیوز) کثیر الملکی فضائی مشقوں میں شرکت کیلئے پاک فضائیہ کا دستہ سعودی عرب پہنچ گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق پاکستان کے (بقیہ 55 صفحہ 03)

تھوراڑ کے نواحی گاؤں سے نوجوان کی تشدد زدہ نعش برآمد

جسم کے مختلف حصوں پر تشدد کے واضح نشانات، پولیس مصروف تفتیش

تھوراڑ (دھرتی نیوز) تھوراڑ کے نواحی علاقہ سردی بھاگراں (سب) سے گزشتہ روز ایک نوجوان کی تشدد زدہ نعش کو تھوراڑ پولیس نے اس (بقیہ 52 صفحہ 03)

بالائی نیلم میں عوام کو طبی وسفری سہولیات فراہم کرنے کے لیے اقدامات

گریس ویلی کے عوام کو بہتر طبی سہولیات فراہم کریں گے، وزیر قانون، انصاف

نیلم (پی آئی ڈی) آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر کے وزیر قانون، انصاف و پارلیمانی امور میاں عبدالوحید ایڈووکیٹ نے بالائی نیلم کے شدید موسمی حالات کے دوران عوام کو طبی (بقیہ 51 صفحہ 03)

اسلام آباد اور گردونواح میں موسم سرد اور مطلع جزوی ابرآلود

محکمہ موسمیات کی مختلف شہروں میں بارش اور برفباری کی پیشگوئی

اسلام آباد (صباح نیوز) محکمہ موسمیات نے ملک کے مختلف شہروں میں بارش اور برفباری کی پیشگوئی کر دی۔ محکمہ موسمیات نے شمال مغربی بلوچستان، بالائی خیبر پختونخوا اور گلگت بلتستان میں (بقیہ 50 صفحہ 03)

بھائی، بہن، بھابھی کو معافی، بائیڈن نے 2500 افراد کی سزا کم کردی

سبکدوش امریکی صدر جو بائیڈن نے صدارت کے آخری دن حکم نامہ جاری کیا

واشنگٹن (صباح نیوز) سبکدوش امریکی صدر جو بائیڈن نے اپنے آخری اقدامات میں بھائی، بہن، بھابھی، بیٹے کو معافی، بائیڈن نے 2500 افراد کی سزا کم کرنے کا حکم جاری کیا ہے۔ (بقیہ 49 صفحہ 03)

سردار نوید صادق کی بیٹی کی شادی کی تقریب سیاسی جلسہ عام میں تبدیل

دعوت ولیمہ میں سیاسی وسماجی، صحافتی حلقوں نے ایک بڑی تعداد میں شرکت کی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) مسلم لیگ ن آزاد کشمیر کے مرکزی راہنماء و سابق چیئرمین انویسٹمنٹ بورڈ آزاد کشمیر سردار نوید صادق کی بیٹی کی شادی کی تقریب سیاسی جلسہ (بقیہ 48 صفحہ 03)

پنشن کٹوتی اور دیگر مطالبات کے حق میں احتجاجی پروگرام کا شیڈول مرتب

پنشن اصلاحات کے نام پر ملازمین کا بری طرح سے استحصال کیا جارہا ہے جو کسی صورت قابل قبول نہیں ہے

ایل پی سی ایم ایچ کی بندش فوری بحال کی جائے، پبلک سیکٹر ایمپلائز پونچھ ومرکزی تنظیم پبلک سیکٹر ایمپلائز کا مشترکہ اجلاس

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) گزشتہ روز پبلک سیکٹر ایمپلائز ضلع پونچھ ومرکزی تنظیم پبلک سیکٹر ایمپلائز کا مشترکہ گرینڈ جرگہ کا اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت پبلک سیکٹر ایمپلائز فیڈریشن کے ضلعی صدر خورشید اقبال نے کی اجلاس میں آزاد کشمیر پبلک سیکٹر ایمپلائز فیڈریشن کی مرکزی قیادت نے بطور خاص شرکت کی، جس میں ملازمین تنظیمات کے عہدیداران کے علاوہ مختلف محکمہ جات کے ملازمین نے کثیر تعداد میں شرکت کی (بقیہ 38 صفحہ 03)

راولاکوٹ: پبلک سیکٹر ایمپلائز ضلع پونچھ ومرکزی تنظیم پبلک سیکٹر ایمپلائز کے مشترکہ اجلاس سے مقررین خطاب کر رہے ہیں

پی ٹی آئی انٹراپارٹی انتخابات کیس، سماعت 11 فروری تک ملتوی

پاکستان تحریک انصاف سے انٹراپارٹی انتخابات کیس کا تحریری جواب طلب

اسلام آباد (صباح نیوز) الیکشن کمیشن نے پاکستان تحریک انصاف انٹرا پارٹی انتخابات کیس کی سماعت 11 فروری تک ملتوی کردی ہے پی ٹی آئی انٹراپارٹی انتخابات کیس کی سماعت منگل کو الیکشن کمیشن آف پاکستان میں ہوئی، چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجا کی سربراہی میں 3 (بقیہ 39 صفحہ 03)

امریکی کیپیٹل ہل فسادات میں ملوث 1600 افراد کے لیے معافی کا حکم

واشنگٹن (صباح نیوز) امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے وعدوں کے مطابق عہدہ سنبھالنے کے پہلے ہی دن سے ایگزیکٹو آرڈرز (بقیہ 40 صفحہ 03)

مسئلہ کشمیر کے حل کے بغیر جنوبی ایشیا میں امن ممکن نہیں، سردار یعقوب

کشمیریوں نے تحریک آزادی کشمیر کے لیے طویل جدوجہد کی ہے، جس کی دنیا میں مثال نہیں ملتی ہے، سابق وزیراعظم

مودی حکومت کی جانب سے جاری لاک ڈاؤن کو کئی سال گزر چکے ہیں، بنیادی حقوق سے بھی محروم رکھا جارہا

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) سابق صدر و وزیراعظم آزاد جموں وکشمیر ممبر قانون ساز اسمبلی، پارلیمانی لیڈر پاکستان پیپلزپارٹی سردار محمد یعقوب خان نے کہا ہے کہ مسئلہ کشمیر کے حل کے بغیر جنوبی ایشیا میں قیام امن ممکن نہیں ہے، کشمیریوں نے تحریک آزادی کشمیر کے لیے طویل جدوجہد کی ہے جس کی دنیا میں مثال نہیں ملتی ہے، کشمیریوں نے لاکھوں جانوں کی قربانیاں اس مقصد کے حصول کے لیے پیش کیں ہیں، کشمیریوں کے بنیادی حقوق سلب کیے جا رہے ہیں (بقیہ 41 صفحہ 03)

عصر حاضر کے تقاضوں کے مطابق فنی تعلیم کیلئے کوشاں ہیں، وزیر حکومت

نوجوان سوشل میڈیا کے ذریعے مقبوضہ جموں وکشمیر کے عوام کی آواز بنیں، تقدیس گیلانی

میرپور (پی آئی ڈی) وزیر برائے سمال انڈسٹریز، ٹریڈ اینڈ ٹریول اتھارٹی محترمہ پروفیسر تقدیس گیلانی نے کہا ہے کہ نوجوان ہمارا سرمایہ ہیں، حکومت عصر حاضر کے تقاضوں کے مطابق فنی تعلیم کے فروغ کیلئے کوشاں ہے، آزاد کشمیر میں خواتین کی شرح خواندگی قابل ستائش ہے۔ نوجوان (بقیہ 42 صفحہ 03)

ادویات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے سے شہری پریشان

مظفرآباد (صباح نیوز) ادویات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے عام شہریوں اور مریضوں کی قوت خرید متاثر کر کے رکھ دی۔ آزاد کشمیر کے دارالحکومت شہر اقتدار مظفرآباد میں دواؤں کی (بقیہ 43 صفحہ 03)

آزاد پتن شاہراہ کی مرمتی، چیف انجینئر کمیونیکیشن اینڈ ورکس پنجاب کا دورہ

ڈپٹی کمشنر سدھنوتی سردار عمر فاروق نے عوام کی سفری مشکلات کو اجاگر کرتے ہوئے چیف انجینئر ورکس پنجاب سے رابطہ کیا

دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے چیف انجینئر کو آزاد پتن شاہراہ کی ٹوٹ پھوٹ اور عوام کو درپیش سفری مشکلات سے آگاہ کیا

سدھنوتی (پی آئی ڈی) ڈپٹی کمشنر سدھنوتی سردار عمر فاروق کی جانب سے پونچھ ڈویژن کی عوام کی سفری مشکلات کو اجاگر کرنے اور آزاد پتن شاہراہ کی فوری مرمت کے لیے کی گئی کوششوں کے نتیجے میں حکومت پاکستان نے سڑک کی مرمتی کے احکامات جاری کیے ہیں۔ اسی سلسلے میں (بقیہ 58 صفحہ 03)



دوسری برسی
میجر جنرل (ر) سردار محمد انور خان مرحوم
سابق صدر آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر
25 جنوری 2025ء بروز ہفتہ
بمقام ٹائیں، راولاکوٹ
قرآن خوانی 10 بجے سے ایک بجے
دُعا ایک بجے دوپہر
متمنی شرکت
عرفان انور خان، ڈاکٹر عمران انور خان، کرنل عدنان انور خان
رابطہ: ڈاکٹر عمران انور خان 0321-5055666

آزاد کشمیر ٹیوٹا اور چیمبر آف کامرس کے درمیان معاہدہ

تربیت یافتہ نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقعوں کے لیے پرعزم

مظفرآباد (پی آئی ڈی) آزاد جموں وکشمیر ٹیوٹا اور آزاد جموں وکشمیر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میرپور کے درمیان ہنرمندی کے فروغ اور تربیت یافتہ نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقعوں کے لیے مفاہمتی یادداشت (MOU) پر دستخط کیے گئے۔ آزاد جموں وکشمیر چیمبر آف کامرس (بقیہ 47 صفحہ 03)

حفظان صحت کے مسائل کے حل کیلئے پالیسی اصلاحات ناگزیر: ماہرین

پائیدار اور کم لاگت ٹیکنالوجیز کی ضرورت ہے: ایس ڈی پی آئی مکالمہ سے خطاب

اسلام آباد (صباح نیوز) ماہرین کا کہنا ہے کہ پاکستان میں پائیدار واش خدمات کی فراہمی کے لئے کثیر الجہتی تعاون، شواہد پر مبنی پالیسی سازی اور جدید حل اختیار کرنا ناگزیر ہیں۔ ماہرین نے اس بات پر زور دیا کہ پانی، صفائی اور حفظان صحت (واش) کے بنیادی مسائل کے حل کے لئے (بقیہ 46 صفحہ 03)

پانیولہ، عوامی ایکشن کمیٹی پانیولہ زون کا آر ایچ سی پانیولہ کا دورہ

عمارت کی خستہ حالی مشینری کی خرابی اور محکمہ صحت کی عدم توجہ پر شدید برہمی کا اظہار

پانیولہ (نامہ نگار) انجمن تاجران پانیولہ و عوامی ایکشن کمیٹی پانیولہ زون نے آج آر ایچ سی پانیولہ کا تفصیلی دورہ عمارت کی خستہ حالی مشینری کی خرابی اور محکمہ صحت کی عدم توجہ پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعظم وزیر صحت اور ڈی جی صحت عامہ سے فوری نوٹس لے کر اصلاح احوال (بقیہ 45 صفحہ 03)

باغ منتخب بلدیاتی نمائندگان کا اختیارات وفنڈز کی عدم منتقلی پر سخت تشویش

اختیارات وفنڈز کی منتقلی کے حوالہ سے جاری تحریک کے سلسلہ میں باغ میں بلدیاتی نمائندگان کا مشترکہ اجلاس منعقد ہوا

بلدیاتی ادارہ جات کو حکومت وقت کی طرف سے کھڈے لائن لگائے رکھنے پر کمیٹی کی طرف سے آئندہ کا لائحہ عمل طے

باغ (دھرتی نیوز) بلدیاتی نمائندگان کی اختیارات وفنڈز کی منتقلی کے حوالہ سے جاری تحریک کے سلسلہ میں آج باغ کے مقام پر ضلع کونسل، میونسپل کارپوریشن، لوکل کونسل کا مشترکہ اجلاس ہوا۔ میڈیا کو آزاد ڈیسک سردار آفتاب کی طرف سے جاری بیان کے مطابق اس اجلاس میں رابطہ کمیٹی کے ذمہ داران وممبران سردار جاوید شریف، سردار افتخار ایڈووکیٹ، میر امتیاز احمد، بشارت خان مغل، چوہدری آصف یعقوب ایڈووکیٹ، انجم زمان (بقیہ 44 صفحہ 03)

Editorial

ادارتی صفحہ

روزنامہ
کشمیر دھرتی
www.dailydhartiajk.com dailydharti@gmail.com
Ph: 05824-445864 Fax: 05824-445865
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق ✸ ایڈیٹر: عمر خیام

مجاہد آباد تھلہ روڈ اپ گریڈیشن تحریک

کمشنر پونچھ و ڈپٹی کمشنر پونچھ کے ساتھ مجاہد آباد تا تھلہ روڈ اپ گریڈیشن تحریک پاچھوٹ حلقہ پانچ کا نمائندہ وفد کے مذاکرات کامیاب. اگلے پانچ روز میں 9 کلومیٹر سڑک کی تعمیر کا نوٹیفکیشن جاری کرنے کی یقین دہانی. مجاہد آباد تا تھلہ 26 کلومیٹر 1400 فٹ شاہراہ کی خستہ حالی کے حوالے سے اپگریڈیشن تحریک پاچھوٹ حلقہ پانچھ کے نمائندہ وفد نے کمشنر پونچھ سردار وحید خان اور ڈپٹی کمشنر پونچھ ممتاز کاظمی کے ساتھ ملاقات کی ممبران وفد نے مجاہد آباد تا تھلہ شاہرہ جو کہ کل 26 کلومیٹر 1400 فٹ ہے جس کی انتہائی خراب حالت ہونے کی وجہ سے عوام علاقہ مشکلات کا شکار ہیں ان کا کہنا تھا کہ سڑک کی موجودہ صورت حال کے پیش نظر گڈز ٹرانسپورٹ کا چلنا انتہائی مشکل ہے عوام کو تعمیراتی میٹیریل لے جانے کے لیئے ڈبل خرچہ کر کے ڈمپریوں اور ٹریکٹر ٹرالیوں کا استعمال کرنا پڑتا ہے جبکہ چھوٹی گاڑیاں بھی خراب اور ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں جس کے باعث عوام علاقہ کا بہت بڑا نقصان ہو رہا ہے جو فاصلہ دس منٹ کی مسافت کا تھا وہ عبور کرنے کیلئے گھنٹے سے زائد وقت درکار ہے پہلے بھی گورنمنٹ نے کوئی توجہ نہیں دی اب تو ہر حال میں اس کا حل نکلنا ضروری ہے

کمشنر پونچھ ڈویژن سردار وحید نے سیکرٹری ورکس سے مشاورت کے بعد سڑک کی مرمتی کے لیئے پہلے فیس میں 9 کلومیٹر تک جبکہ اس سے آگے بتدریج شاہرہ کی مکمل تعمیر و مرمتی کی یقین دہانی کروائی اور اگلے پانچ ایام میں اس کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا جائے گا جس پر وفد کے شرکاء نے کمشنر پونچھ ڈویژن اور ڈپٹی کمشنر پونچھ کا شکریہ ادا کیا۔ اس انتہائی اہم ترین پراجیکٹ کے حوالے سے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کوششیں اور کاوشیں لائق تحسین ہیں لیکن اس منصوبہ کو عملی طور پر پایہ تکمیل تک پہنچانے کیلئے بروقت اور ہنگامی اقدامات ناگزیر ہیں، عوامی حلقوں کے یہ بھی خدشات موجود ہیں کہ قبل ازیں بھی متعلقہ ضلعی افسران جنہوں نے متعدد عوامی پراجیکٹس اور مسائل حل کیلئے یقین دہانیاں کروائی بعد ازاں ان کے تبادلوں کی وجہ سے کئی حل طلب مسائل آج تک تاخیر کا شکار ہیں، اس لئے ضرورت اس امر کی ہیکہ ضلعی افسران نے جس دلچسپی اور اہم نوعیت کے معاملہ کی طرف مسائل کے حل کی یقین دہانی کروائی وہ بہر صورت پایہ تکمیل تک پہنچاتے ہوئے عوامی مشکلات کے خاتمہ کیلئے ہنگامی اور بروقت اقدامات اٹھائے جائیں۔

ماضی کی غلط پالیسیاں، کشمیریوں کی قربانیاں

سچ تو یہ ہے
بشیر سدوزئی
bashirsaddozai@gmail.com

پاکستان کی سیاسی قیادت میں وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف مختلف مزاج رکھنے والے منفرد سیاست دان ہیں۔ شاید یہ یکتا کشمیری نژاد ہوں جو ڈنگ بیان دیتے ہیں اور یوٹرن بھی کم کم ہی لیتے ہیں۔ اپنے والد کی سیاسی حکمت عملی پر قوم سے معافی مانگتے شرماتے ہیں نہ محمود غزنوی پر لوٹ مار کا الزام لگاتے جھجھکتے ہیں۔ قومی اسمبلی میں ان کی وہ تقریر بھی ریکارڈ کا حصہ ہے جس میں انہوں نے قوم کے جسم سے خون چوسنے اور ہڈیوں سے گودا نکالنے کا تذکرہ کیا تھا۔ تازہ بیان کشمیر پر دیا جس میں ماضی حال اور مستقبل سب کچھ کھول رکھ دیا۔ اطلاعاتی ادارے صباح نیوز کے مطابق 14 جنوری 2025ء کو پارلیمینٹ ہاؤس میں کشمیر جرنلسٹ فورم کے نو منتخب صدر عرفان سدوزئی کی قیادت میں فورم کے وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ "ماضی کی غلط پالیسیوں کے باعث کشمیریوں کی قربانیاں نظر انداز ہوگئیں۔ آزاد کشمیر کے سیاست دانوں میں اتفاق کا فقدان ہے اور عوامی مسائل حل کرنے میں یکسر ناکام رہے۔ ان کی ترجیحات مقامی ڈھانچے کی ترقی نہیں ہے۔ اسی باعث تحریک آزادی کا بیس کیمپ اپنے مقاصد پورے نہیں کرسکا۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کے عوام کا اپنے حقوق کے لیے آواز بلند کرنا ایک فطری عمل ہے۔ انہوں نے آزاد کشمیر میں ہونے والے انتخابات پر بھی روشنی ڈالی اور کہا کہ الیکشن اور سلیکشن کس طرح ہوتی ہے سب جانتے ہیں وغیرہ وغیرہ"۔ خواجہ صاحب کا ایک ایک لفظ اور جملہ معنی خیز اور توجہ طلب ہیں تاکہ ماضی کی غلطیوں سے سیکھ کر آئندہ کی حکمت عملی تیار کی جائے، جس سے جموں و کشمیر کو بھارت کے چنگل سے آزاد کرایا جاسکے۔ مسئلہ کشمیر کے حوالے سے ماضی ہماری غلطیوں سے بھرا پڑا ہے۔ وسائل اور جانی نقصان کے باوجود ہم اپنی غلطیوں سے سیکھ نہیں رہے۔ پہلی غلطی تو 24 اکتوبر 1947ء کو ہی ہوگئی تھی جب انقلابی حکومت کو پہلے صدر سردار محمد ابراہیم خان کی خواہش کے مطابق ڈوگرہ کی جانشین حکومت کے طور پر تسلیم کرنے کے بجائے لوکل اتھارٹی میں بدلا گیا۔ اس اقدام سے مسئلہ کشمیر قومی آزادی کے بجائے دو ملکی سرحدی تنازعے میں بدلا اور بھارت کو بطور فریق تسلیم کیا گیا۔ ریاست پر 22 اکتوبر کو قبائلی حملہ سے بھارت کو کشمیر میں داخل ہونے کا موقع ملا۔ پاکستان کے ساتھ معاہدہ ہونے کے بعد 14 اگست کو سری نگر میں سرکاری عمارتوں پر پاکستان کا پرچم لہرا دیا گیا پھر حملے کا کیا جواز تھا۔ جب دن کے اوجالے میں معاہدہ اور رات کے اندھیرے میں حملہ ہوا تو ریاست کی ہیت ہی بدل گئی۔ سردار ولبھ بھائی پٹیل نے بہت کوشش کی کہ پاکستان حیدرآباد دکن اور جوناگڑھ کو بھول کر کشمیر پر اکتفادہ کرے مگر لیاقت علی خان نہیں مانے۔ معاہدہ کراچی میں بھی کچھ غلطیاں ہوئیں۔ دفاع اور مواصلات حکومت پاکستان کے اختیار میں رکھے جاتے۔ خارجہ امور میں آزاد کشمیر حکومت کو کچھ اختیارات دے کر بھارت کے سامنے کھڑا کرنا چاہیے تھا۔ آزاد کشمیر کے عوام میں یہ صلاحیت تھی کہ پاکستان کی مدد اور سرپرستی کے ساتھ خارجہ محاذ پر بھارت کا مقابلہ کرسکیں۔۔ اسی معاہدے میں گلگت بلتستان کو آزاد کشمیر سے الگ کر کے اتھارٹی قائم کی گئی اور کشمیر عملاً تین حصوں میں تقسیم ہو گیا۔ بین الاقوامی حمایت اور کشمیریوں کو اعتماد میں لیے بغیر کشمیر میں مجاہدین یا کمانڈو بھیجنا ایوب خان کا دانش مندانہ فیصلہ نہیں تھا جس کے باعث دونوں ممالک کے درمیان خوفناک جنگ چھڑی۔ اسی غلطی کا خمیازہ تاشقند میں بھگتنا پڑا جہاں بھارت کے ساتھ معاہدہ کر کے کشمیر پر اس کے حق کو تسلیم اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کو غیر موثر کردیا گیا۔ اسی معاہدے سے قومی آزادی کی تحریک کو دو ملکوں کے درمیان سرحدی تنازعے میں بدلنے کا آغاز ہوا۔ ایک ہزار سال تک جنگ کرنے کا اعلان کرنے والے ذوالفقار علی بھٹو نے معاہدہ شملہ میں تقریباً کشمیر کی تقسیم کی بنیاد ڈالی، واپس آکر آزاد کشمیر ریگولر فورس کو پاکستان آرمی میں ضم کر کے آزاد کشمیر حکومت کے دفاعی اختیارات بھی ختم کردیے۔ ذوالفقار علی بھٹو کی ایک اور بڑی غلطی تھی کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی آزاد کشمیر میں فرنچائز کھول کر کشمیری سیاست کو دفن کیا اور کشمیر کی سیاست، سفارت اور تحریک مکمل طور پر پاکستانی سیاست دانوں کے کنٹرول میں آگئی۔ جن کو اس کا ادراک تھا نہ تڑپ انہوں نے محض وقت گزارنے کی پالیسی اختیار کی۔ ضیاء الحق کے جہاد نے بلاشبہ بھارت کو ہلا کر رکھ دیا تھا لیکن انہوں نے بھی عالمی برادری کو اعتماد میں نہیں لیا اور نہ حریت کانفرنس یا حکومت آزاد کشمیر کو بین الاقوامی سطح پر لابنگ کی اجازت دی۔ بلآخر بے پناہ قربانیوں کے باوجود کشمیری جیتی ہوئی جنگ ہار گئے۔ اس وقت عسکری محاذ گرم کرنے سے پہلے کے ایچ خورشید کی تجویز مان لی جاتی تو ہمیں آج یہ دن نہ دیکھنے پڑتے۔ گو کہ بین الاقوامی دباؤ تھا لیکن پرویز مشرف نے ضیاء الحق کی پالیسی کو یکسر تبدیل کر کے مجاہدین کی حمایت ختم کر دی۔ بھارت نے غیر علانیہ سیزفائر کا فائدہ اٹھا کر مقبوضہ کشمیر میں حریت پسندوں کو کچلا اور سیاسی تحریک کو بھی ختم کر دیا۔ انسانی حقوق کی بدترین خلاف ورزیوں پر بھی ہم بھارت پر بین الاقوامی دباؤ بڑھانے میں کامیاب نہیں ہو سکے۔ نواز شریف صاحب نے مشتاق گورمانی کی اس غلطی کا کچھ ازالہ کیا۔ کشمیر کونسل کے اختیارات کم کر کے حکومت آزاد کشمیر کے اختیارات کو بحال کیا کشمیری نواز شریف صاحب اور مسلم لیگ ن کی اس مہربانی کو یاد رکھتے ہیں جس سے حکومت آزاد کشمیر میں کچھ جان پڑی۔ جب کہ عمران خان کی سمجھ میں ہی نہیں آیا کہ مقبوضہ کشمیر میں 5 اگست 2019ء کو کیا ہوا اور ہمیں کیا کرنا ہے۔ اس وقت مزید خوفناک صورت حال پیدا ہوئی جب آزاد کشمیر کے وزیر اعظم راجہ فاروق حیدر خان نے خود کو آخری وزیر اعظم قرار دیا اور طویل رخصت پر بیرون ملک جانا پڑا۔ جارحانہ سفارت کاری نہ ہونے کے باعث بھارت نے غیر قانونی طور پر کشمیر پر قبضہ کرلیا۔ بعد میں مبینہ طور پر کہا گیا کہ اس میں اعتماد سازی کا عمل دخل بھی تھا۔ اسی اعتماد سازی نے کشمیریوں کے دلوں میں بداعتمادی پیدا کی جس پر علی گیلانی کے آخری خط نے اسے مزید پختہ کردیا۔ کشمیر کی تحریک آزادی میں 370 کے خاتمے کی تو کوئی اہمیت نہیں لیکن 35۔ اے کشمیریوں کے لیے زندگی اور موت کا مسئلہ ہے۔ اس حوالے سے ہماری جانب سے کوئی مضبوط پالیسی نہیں بنائی گئی۔ اب بھارت کشمیر کی آبادی کے تناسب کو بڑی تیزی سے بدل رہا ہے۔ اسی باعث جموں ریجن جو کم آبادی کا علاقہ تھا وادی کشمیر کے مقابلے میں کھڑا ہے جہاں انتہا پسند ہندو کی اکثریت ہوتی جارہی ہے۔ آزاد کشمیر کے سیاست دانوں کے حوالے سے خواجہ آصف نے کہا کہ ان میں اتفاق نہیں۔ لیکن بعض امور میں ان کے درمیان ہم آہنگی ضرور ہے۔ ممبران اسمبلی کی تنخواہوں میں اضافہ اور پنشن کے حصول میں ان میں مکمل ہم آہنگی ہے، اور حال ہی میں ایک اور زبردست ہم آہنگی دیکھنے میں آئی جب مظفرآباد میں سوروں کی نسل معلوم کرنے کے لیے پارلیمانی کمیٹی قائم ہوئی اس میں قائد حزب اختلاف، سمیت وزیر اور پارلیمانی قائدین شامل ہیں جو کل کو معلوم کریں گے کہ مظفرآباد پر حملہ آور سوروں کی نسل کون سی ہے۔ جہاں تک تحریک آزادی اور آزاد کشمیر کی تعمیر و ترقی کا مسئلہ ہے اس میں آزاد کشمیر کے سیاست دانوں میں اتفاق نہ ہونا فطری عمل ہے۔ وہ پاکستانی سیاسی فرنچائز ہیں۔ پاکستان میں ہی سیاسی اتفاق نہیں تو فرنچائز میں اتفاق کیسے ہوسکتا ہے۔ عوامی مسائل کا حل نہ ہونے کے ذمہ داری بھی ان پر نہیں بلکہ پاکستانی سیاسی پارٹیاں ہیں، جنہوں نے پاکستان کے مسائل حل نہیں کئے تو ان کی فرنچائز آزاد کشمیر کے مسائل کیسے حل کرسکتی ہیں۔ آزاد کشمیر میں سیاسی بیماریاں تب سے شروع ہوئیں جب سے پاکستان کی سیاسی فرنچائز قائم کی گئی۔ اس سے پہلے کشمیری سیاست دان مسئلہ کشمیر پر کھل کر بات کرتے تھے۔ لہذا مقامی قیادت کو کوسنا جائز نہیں وہ وہاں بھی وہی کچھ کررہے ہیں جو پاکستان میں ہو رہا ہے۔ اس صورت حال میں جب بیس کیمپ کے فیصلے، بلاول ہاؤس، رائے ونڈ اور بنی گالا ہونے لگیں تو بیس کیمپ مقاصد کیا پورے کرتا۔ آزاد کشمیر کے عوام کا اپنے حقوق کے لیے آواز بلند کرنے کو فطری عمل کہہ کر خواجہ صاحب نے وزیر اعظم انوار الحق کے اس موقف کی نفی کردی کہ عوامی جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے احتجاج میں بھارت ملوث ہے۔ ممکن ہے کسی سطح پر بھارتی مداخلت بھی ہو لیکن حقیقت یہی ہے کہ ماضی کی غلط پالیسیوں سے کشمیری نوجوان ناراض ہے وہ مقبوضہ کشمیر کا ہو یا آزاد کشمیر کا۔ اس کو منانا وقت کی ضرورت ہے یہ پاکستان کے مفاد میں ہے اور کشمیریوں کے بھی۔ بقول فرزانہ یعقوب کشمیر پاکستان کا سرمایہ ہے اور پاکستان کے بغیر کشمیری کچھ نہیں دونوں ایک دوسرے کے لیے لازم ملزوم ہیں۔ پاکستان بڑا بھائی ہے، چھوٹا بھائی بوجھ نہیں ہوتا۔ اسے دست شفقت اور بااختیار بنانے کی ضرورت ہے۔ خواجہ آصف صاحب نے آزاد کشمیر میں ہونے والے انتخابات پر بھی روشنی ڈالی اور کہا کہ الیکشن اور سلیکشن کس طرح ہوتی ہے سب جانتے ہیں۔ الیکشن تو اسی طرح اور اتنے ہی شفاف ہوتے ہیں جتنے خود ان کے حلقے کے بارے میں خلق خدا کہتی ہے اس پر کیا ہی تبصرہ۔ البتہ مقبوضہ کشمیر کی موجودہ اور آزاد کشمیر کی ابتر صورت حال میں کشمیر جرنلسٹ فورم کی ذمہ داریوں کے حوالے سے ان کا یہ کہنا کہ

پہلے سے بڑھ گئی ہیں۔ کشمیری صحافی، ریاست کی آنکھ اور کان ہیں۔ بغیر کسی دباؤ کے حکمرانوں کی غلطیوں کی نشان دہی کریں۔ جو حالت پاکستان میں صحافیوں کی ہے اس کو دیکھ کر حکومت کی ناکامیوں اور پالیسیوں پر کون تنقید کرے گا۔ بھارت کشمیریوں کی نسل کشی کے بعد کشمیر کی تاریخی شناخت ختم کرنے کی کوشش کر رہا ہے خواجہ صاحب نے درست کہا اور یہ بھی درست کہا کہ عالمی دنیا کو بھارت کے مظالم پر کھل کر بات کرنی چاہیے، لیکن عالمی دنیا کے آگے کوئی روئے گا تو دنیا توجہ دے گی۔ بھارت کشمیریوں کو مار رہا ہے اور آپ رونے بھی نہیں دیتے کہ ہم تماری جگ رولیں گے۔ آپ کو زخم ہی نہیں لگا تو آنسو کیوں کر نکلیں گے۔ غلطیوں کو گننا اصل کام نہیں غلطیوں کی اصلاح اصل کام ہے۔ اب بھی وقت ہے کہ مسئلہ کشمیر کی سفارت کاری کشمیریوں کو دی جائے اور مسئلہ کشمیر کو دو قومی نہیں ایک قومی مسئلہ بنایا جائے جو آزادی کے لیے لڑ رہی ہے۔ ورنہ بقول راجہ فاروق حیدر خان ساڑھے سات سو سال میں بھی کشمیری آزادی حاصل نہیں کر سکتے۔

"یہ خاموش مزاجی تمہیں جینے نہیں دے گی
اس دور میں جینا ہے تو کہرام مچا دو"

☆☆☆

ایک سیٹ والا

میمونہ کیانی ایڈووکیٹ

سردار عتیق احمد خان آزاد کشمیر کی سیاست کا ایک بڑا نام، ایک بڑی پہچان جو شائستگی اور بردباری کی اعلی مثال، ایک عظیم قائد، زیرک سیاستدان، عظیم المرتبت لیڈر کی حیثیت سے جانے، مانے اور پہچانے جاتے ہیں۔ قوم جب بھی سیاسی عدم استحکام اور سیاسی انتشار کا شکار ہوئی آپ نے ہمیشہ بڑے مدبرانہ انداز میں نہ صرف اسکا مقابلہ کیا بلکہ اسکا قلع قمع کیا جب بھی ریاست کے اندر کوئی تخریب کاری یا ہرزہ سرائی کی کوشش کی گئی یا آزاد کشمیر اور پاکستان کی عوام کے مابین خلیج حائل کرنے کی کوشش کی گئی، جب بھی شر پسند عناصر نے ریاستی تشخص کو پامال کرنے کی کوشش کی۔ آپ نے اپنی دور اندیشی اور بہترین حکمت عملی سے ان مذموم عزائم کو خس و خاشاک میں ملا دیا اللہ کے فضل سے قوم کو اس بحران سے نکالا۔

مجاہد اول کے ادھورے مشن تکمیل پاکستان کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لئے آپ نے اقتدار کو نہیں ہمیشہ ریاستی وحدت کو ترجیح دی۔ یہ سردار عتیق احمد خان اور آل جموں و کشمیر مسلم کانفرنس کا خاصہ ہے کہ پچھلے 15 سال سے اپنے مفادات کو پس پشت ڈال کر اسلامی جمہوریہ پاکستان کے خلاف ہرزہ سرائی کرنے والوں کی اور پاکستان مخالف اور مسلح افواج پاکستان کے خلاف بیرونی ایجنڈے پر کام کرنے والوں کو منہ توڑ جواب دے رہے ہیں انکی گالیوں کا جواب خندہ پیشانی سے عملی طور پر کشمیر بنے گا پاکستان ریلیاں نکال کر، مسلح افواج پاکستان ریلیوں کا انعقاد کر کے اور حال ہی میں "کشمیر بنے گا پاکستان" کنونشن کا انعقاد کر کے یہ ثابت کیا ہے کہ اگر اس سیاسی انتشار کے دور میں پاکستان کی اور مسلح افواج پاکستان کی کسی کو سب سے زیادہ پرواہ ہے تو وہ آل جموں و کشمیر مسلم کانفرنس ہے۔

مخالفین کہہ رہے تھے کہ 12 جنوری کو ایک سیٹ والا 100 بندے بھی نہیں نکال پائے گا تو چشم فلک نے دیکھا کہ ایک سیٹ والے کی آواز پر لبیک کہنے والے مجاہد اول کے نظریاتی سپاہی اور پاکستان سے بے لوث محبت رکھنے والوں کے سونامی نے مودی کے سہولتکاروں کی راتوں کی نیند حرام کردی ہیں۔

بغض مجاہد اول اور بغض عتیق و مسلم کانفرنس رکھنے والوں کو یہ سمجھ آجانی چاہیے کہ اللہ کے فضل سے یہ ایک سیٹ والا 53 کے ٹولے پر بھاری ہے۔

مجاہد اول سردار محمد عبد القیوم خان صاحب نے اپنی کتاب "کشمیر بنے گا پاکستان" صفحہ نمبر 68 پر فرماتے ہیں کہ "ہمارا موقف الحاق پاکستان کسی مصلحت کے تحت نہیں ہے بلکہ ہمارے ایمان و عقیدے کا حصہ ہے۔ اور اگر کبھی ایسا موقع آئے کہ ہمیں یہ آپشن دیا جائے کہ آپ اپنے موقف کو چھوڑ دیں اس کے بدلے میں آپکو مقبوضہ کشمیر ہندوستان سے آزاد کرادیا جائے گا تو ہماری ترجیح ہمارا موقف ہوگا" یہ تھی مجاہد اول کی پاکستان سے وابستگی اور محبت لیکن جب بات آئے اپنی عوام کے حقوق کی اور حکومت پاکستان کی آزاد کشمیر کے عوام کی بابت کسی غفلت یا لاپرواہی کی تو مجاہد اول صرف دوٹوک الفاظ میں وارننگ دیتے تھے۔ امپورٹڈ کمیٹی تو آٹے اور بجلی کے لیے ایک ایک ہفتہ روڈز بلاک کر کے عوام کو پریشان کر کے، جانیں ضائع کروا کے، پرچم پاکستان کی بے حرمتی کر کے، لفظ پاکستان کو مٹا کر اور بانی پاکستان اور بانی تحریک آزادی کشمیر کی تصاویر پر ڈنڈے برسا کر ریاست کی رٹ کو چیلنج کر کے، حکومت کو یرغمال بنا کے پھر کہیں جا کر کہتے ہیں ہم نے بجلی سستی کروائی تو معصوم عوام بالعموم اور بالخصوص نوجوانوں کو تاریخی حقیقت بتاتی چلوں۔ "مجاہد اول کے دور حکومت میں آزاد کشمیر حکومت کے ذمہ واپڈہ کے کچھ بقایاجات تھے تو ایبٹ آباد سے آزاد کشمیر کی بجلی کو منقطع کروا دیا گیا تو مجاہد اول نے حکومت پاکستان کو بس اتنا کہا کہ بجلی کے بقایاجات حکومتی معاملات ہیں اس سے عوام کا کوئی سروکار نہیں ہے اس لیے میری عوام کو مت پریشان کیا جائے میں دارالحکومت سے منگلا کے لیے نکل رہا ہوں اور مجھے صرف وہاں پہنچنے میں 5 گھنٹے لگیں گے اس سے پہلے اگر آزاد کشمیر کی بجلی بحال نہ کی گئی تو منگلا سے جا کر گرڈ سٹیشن بند کر دوں گا اور اسوقت کھولوں گا جب آزاد کشمیر کی بجلی کی سو فیصدی بحال کرو گے۔ اور پھر چشم فلک نے دیکھا کہ مجاہد اول کے منگلا پہنچنے سے پہلے پہلے آزاد کشمیر کی بجلی بحال کر دی گئی۔" یہ تھی ایک زیرک لیڈر کی وارننگ۔ نہ کوئی ہڑتال ہوئی نہ کوئی سڑک بند ہوئی اور نہ کسی میں اتنی جرات ہوئی کہ پاکستان کے خلاف ایک لفظ بھی بول سکے۔ یہی خوبیاں مجاہد اول نے نہ صرف اپنے جانشین سردار عتیق احمد خان میں منتقل کی بلکہ اپنے نظریاتی سپاہیوں کی رگ و پے میں خون کی مانند منتقل کی۔ یہی وجہ ہے کہ جب آٹے اور بجلی کی آڑ میں پاکستان مخالف اور فوج مخالف قوتوں نے سر اٹھایا تو صدر مسلم کانفرنس نے واشگاف الفاظ میں ساری قوم کو باخبر کیا تھا کہ آٹا اور بجلی نہیں یہ پاکستان دشمن اور فوج مخالف قوتیں سر اٹھا رہی ہے جس کا پہلے کوہالہ سے پاکستان کا پرچم پھاڑ کر پھینکا اور پھر 4 دن تک کسی سیاسی جماعت کو توفیق نہیں ہوئی کہ وہ اٹھا سکے یہ توفیق بھی اللہ کے فضل سے مسلم کانفرنس کو ہوئی اور مجاہد اول کے نظریاتی سپاہی اور سردار عتیق احمد خان کے تربیت یافتہ سیاسی جانباز آواز اور عوامی ایم ایل اے شیر کھاوڑہ کے نصیب میں آئی۔ اور 7 دسمبر ہے مسلم کانفرنس یوم سیاہ کے طور پر یاد رکھے گی ساری حدیں تجاوز کی گئیں اور جب مجاہد اول کے تربیت یافتہ سیاسی کارکن اور انکے پوتے چیئرمین یوتھ سردار عثمان علی خان اور چیف آرگنائزر راجہ ثاقب مجید شیر کھاوڑہ اور طلبہ ونگ کی جاندار آواز و سابق امیدوار اسمبلی سجاد انور عباسی نے کوہالہ پہنچ کر غم و غصے میں بھرے نوجوانوں کو شانت کیا اور پہیہ جام ہڑتال کی کال دی تو جواب میں ذی شعور ریاستی باشندوں کو چھوڑ کر باقی کچرا، کنڈی جن کے اپنے ماتھوں پر گالیاں لکھی ہوئی ہیں وہ پڑھ پڑھ کر سوشل میڈیا پر اپنی تربیت بتا رہے تھے اور مسلم کانفرنس کے سرفروشوں نے اپنی سیاسی تربیت کا بھرپور اظہار کیا اور 12 جنوری کو کوہالہ کے مقام پر صدر مسلم کانفرنس کی کال پر عظیم الشان " کشمیر بنے گا پاکستان " کنونشن کا کامیاب پاور شو کر کے دنیا کو یہ پیغام دے دیا کہ جب تک اپنے قائد کی قیادت میں مسلم کانفرنس زندہ ہیں اللہ کے فضل سے وہ دنیا میں پاکستان کا نام روشن کرتے رہیں گے پاکستانی پرچم کو سب سے اونچا رکھیں گے انشاءاللہ اور کشمیر اور پاکستان کی سالمیت کی بقا کی جنگ لڑتے رہیں گے اور جب تک اپنے مشن میں کامیاب نہیں ہو جاتے چین سے نہیں بیٹھیں گے۔

صدر مسلم کانفرنس نے اقوام عالم کو یہ پیغام دیا کہ مقبوضہ کشمیر کے مسلمان جو پاکستان کے نام پر اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر رہے ہیں اور پاکستان کے پرچم میں اللہ کے حضور پیش ہوتے ہیں مسلم کانفرنس کبھی اس پرچم کو سرنگوں نہیں ہونے دے گی، کیونکہ مسلم کانفرنس کی بنیاد ہی تحریک آزادی کشمیر اور تحریک تکمیل پاکستان پر رکھی گئی ہے اور صدر مسلم کانفرنس نے یہ پیغام دیا مودی اور ہندوستان کے سہولتکاروں کو کہ جتنا مرضی پیسہ لگا کر ہمارے نوجوانوں کی ذہن سازی کرو، جتنا مرضی امپورٹڈ ایجنڈا ریاست کے اندر عام کرو تم جب جب پاکستان کے خلاف محاذ آرائی کرو گے، جب جب مسلح افواج پاکستان کو بدنام کرنے کی کوشش کرو گے مسلم کانفرنس اتنی ہی بھرپور قوت سے ابھر کر سامنے آئے گی اور تم سے پچھلی قوت سے تمہیں 12 جنوری کی طرح پلٹ کر تمہیں منہ توڑ جواب دے گی۔ تم ایجنڈا لیکر آئے ہو اور مسلم کانفرنس مشن لیکر آئی ہے اور فتح ہمیشہ مشن کی ہوتی ہے۔ تاریخ مشن پورا کرنے والوں کی لکھی جاتی ہے ایجنڈا پورا کرنے والوں کی نہیں۔

جن مشن سازوں کے سپہ سالار مجاہد اول کے تربیت یافتہ فرزند ایک جاندیدہ، زیرک اور جرات مند لیڈر سردار عتیق احمد خان ہوں وہ نظریاتی فوج کبھی پسپا نہیں ہوتی اللہ کے فضل سے انشاء اللہ۔

آخر غزہ والوں کی قربانیاں رنگ لے آئیں

sardarkhadimtahir1@gmail.com

اسرائیل کا حماس کہ ساتھ جنگ بندی کا معاہدہ کھلے ثبوت کہ مترادف ہے یہ حماس اور غزہ والوں کی فتح اور اسرائیل کی شکست ہے جس ثابت قدمی سے غزہ والوں اور حماس نے ایک سفاک اور دہشت گرد ریاست کہ خلاف صبر آزما جنگ لڑی تاریخ اسے ہمیشہ یاد رکھے گی غزہ والوں نے قبلہ اول کی جنگ تنہا لڑی البتہ یمن حزب اللہ اور ایران ان کہ ساتھ کھڑے رہے گو کہ غزہ تباہ ہو گیا ہزاروں لوگ شہید ہو گئے لاکھوں زخمی، گھر کے گھر اجڑ گئے لیکن پھر بھی فلسطینی فتح مند ہوئے اس جنگ میں پوری دنیا میں اسرائیل کے خلاف مظاہرے ہوئے اسرائیل کے ہزاروں فوجی مارے گئے معیشت تباہ ہوئی عالمی عدالت انصاف نے نیتن یاہو کو جنگی مجرم قرار دے کر گرفتار کرنے کا حکم جاری کیا ذلت اور رسوائی اس کا مقدر بنی حماس نے جو مزاحمت کی اس سے عالم اسلام کا سر فخر سے بلند ہوا جس کا اسرائیل تصور بھی نہیں کرسکتا تھا پندرہ ماہ کی جنگ نے یہ ثابت کیا کہ اسرائیل ناقابل شکست نہیں ہے، اہل یمن کی بہادری کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے جس نے اپنے میزائلوں سے اسرائیل امریکہ اور برطانیہ کو روکے رکھا جنگ بندی معاہدے سے حماس نے اپنے ہزاروں قیدی رہا کروا لئے، غزہ حماس کے پاس رہے گا، اہم بات یہ ہے کہ غزہ والے قربانی دیتے رہے اور حماس کہ ساتھ کھڑے رہے تاریخ حماس اور حزب اللہ کی لیڈر شپ سمیت ہزاروں شہدا کو کبھی فراموش نہیں کرے گی اور وہاں شہید ہونے والے ہزاروں بچے اس جنگ کہ اصل ہیرو ہیں جو جنتی پھول بن کر مہکتے رہیں گے، 30 ہزار سے زائد فلسطینی بچے اسرائیل کی سفاکیت کی بھینٹ چڑھے، ایک لاکھ سے زائد افراد شہید ہوئے، ہزاروں گھر اور مارکیٹیں کھنڈرات میں بدل گئیں، حماس کے ہزاروں جانبازوں نے شہادت کا رتبہ حاصل کیا، اسرائیل 15 ماہ تک غزہ والوں پہ آگ کی بارش برساتا رہا، لیکن نہ وہ غزہ والوں کو اور نہ ہی حماس کو جھکا سکا، اسرائیل نے ظلم یہ سوچ کر شروع کیا تھا کہ حماس کا جلد خاتمہ ہو جائے گا اور غزہ والے حماس کے خلاف بغاوت کر دیں گے، لیکن غزہ والوں نے جس نے جرآت بہادری اور ایمانی طاقت سے اسرائیل کا مقابلہ کیا جس سے نیتن یاہو کا یہ خواب ادھورا ہی رہا، اہم بات یہ ہے کہ اسرائیل کے اندر نیتن یاہو کے خلاف بڑے پیمانے پر مظاہرے ہوئے، جنگ بندی معاہدے پر اسرائیل کی شکست کا اس بات سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ نیتن یاہو کی کابینہ کے تو وزرا مستعفی ہوئے انہوں نے یہ تسلیم کیا کہ یہ معاہدہ جنگ بندی ہماری شکست ہے، سوچنے کی بات یہ ہے کہ ایٹمی طاقت پاکستان سمیت 56 اسلامی ممالک جنگ بندی تو دور کی بات اسرائیل کے خلاف کوئی لفظ منہ سے نہ نکال سکے، بلکہ الٹا اردن، متحدہ عرب امارات، ترکی، اور سعودی عرب اس جنگ میں اسرائیل کی سہولت کاری کا کردار ادا کرتے رہے، ترکی کے صدر کے منافقانہ کردار کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ ترکی کا تیل سمندری راستے سے اسرائیل تک پہنچتا رہا، پاکستان کا کردار زندہ لاشوں کے سوا کچھ نہ رہا، لیکن ایک غیر مسلم نو منتخب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ان سب کے مقابلے میں صدارتی حلف اٹھاتے ہی اسرائیل و حماس کے درمیان جنگ بندی کا معاہدہ کرواتے ہوئے جنگ بند کروادی، اور یرغمالیوں کی رہائی کو بھی ممکن بنادیا، یہ اہم کریڈٹ تو ڈونلڈ ٹرمپ کو جاتا ہے، پہلے مرحلے میں حماس نے جن یرغمالیوں کر رہا کیا ان میں خواتین بھی شامل تھیں، جن کو حماس نے اسلامی روایات کے مطابق عزت و احترام سے رکھا اور باوقار طریقے سے الوداع کیا، جس پر وہ خواتین انتہائی خوش تھیں، جبکہ ان کے مقابلے میں اسرائیل نے جن فلسطینیوں کو یرغمال بنا رکھا تھا ان پر اسرائیل نے ظلم کے پہاڑ توڑے ان پر کئے جانے والے ظلم کی داستان ان کی رہائی کے بعد ان کی زبانی منظر عام پر آئی، یہ فرق ہے کفر و اسلام میں، کفر کے مقابلے میں روز اول سے اسلام کی شاندار روایات رہی ہیں جو نبی رحمت کی روشن تعلیمات کے عین مطابق ہیں، نبی رحمت نے عالم انسانیت کو انسانی حقوق اور احترام آدمیت کا جو درس دیا اس کی مثال نہیں ملتی، نبی رحمت کی تعلیمات کے مقابلے میں کے اہل یورپ کے انسانیت کے حوالے سے بنائے گئے قوانین کوئی معنی نہیں رکھتے نہ ان کا دور کا واسطہ ہو سکتا ہے، جنگ بندی معاہدے پر فلسطینیوں کا جشن قابل دید تھا، ہزاروں فلسطینیوں نے قبلہ اول مسجد اقصیٰ میں جمع ہو کر شکرانے کے نوافل ادا کیے، فلسطینیوں کی استقامت اور بے مثال قربانیوں کی وجہ سے انھیں طاغوت عصر اسرائیل کے مقابلے میں سرخرو فرماتے ہوئے فتح مبین سے سرفراز فرمایا، اللہ پاک کی تدبیر کے سامنے سب مادی طاقتیں ہیچ ہیں، فلسطینی اپنے ملبے کا ڈھیر بنے گھروں میں واپسی پہ خوش، حماس کے جوان ہزاروں فلسطینیوں کے ساتھ سڑکوں پر نکل آئے، اسرائیل اور دنیا کو اپنی طاقت اور موجودگی کا بخوبی احساس دلوایا، اس موقع پر شہید عظیم مجاہد اسماعیل ہانیہ، یحیٰی سنوار، حسن نصر اللہ اور ہزاروں شہدا کو سلام عقیدت، ضرورت اس امر کی ہے کہ جنگ بندی کے بعد دنیا مسئلہ فلسطین کے حل کی طرف جائے، اور فلسطینیوں کو ایک آزاد اور خودمختار ریاست کے طور پر تسلیم کیا جائے، ورنہ مشرق وسطی میں امن کا خواب کبھی شرمندہ تعبیر نہیں ہوگا۔

☆☆☆☆

پاک فوج کے زیر اہتمام دوسری میڈیا اینڈ یوتھ ورکشاپ

محمد شبیر اعوان

دور حاضر میں دنیا کو کئی چیلنجز کا سامنا ہے، جن میں جھوٹ پر مبنی اور گمراہ کن معلومات کا تیزی سے پھیلاؤ دہشت گردی، عالمی سطح پر بڑے چیلنجز ہیں ان چیلنجز سے نمٹنے کیلئے علاقائی ہم آہنگی اور بین الاقوامی امن کو آگے بڑھانا وقت کی اہم ضرورت ہے عالمی سطح پر معیشت، افواج اور ٹیکنالوجی میں بیانتہا تبدیلیاں رونما ہو رہی ہیں۔ ٹیکنالوجی نے جہاں معلومات کے پھیلاؤ میں اہم کردار ادا کیا، وہیں گمراہ کن اور غلط معلومات کا پھیلاؤ بھی ایک اہم چیلنج بن چکا ہے جامع قوانین اور قواعد و ضوابط کے بغیر غلط اور گمراہ کن معلومات اور نفرت انگیزی سیاسی اور سماجی ڈھانچے کو متاثر کر رہی ہے قواعد و ضوابط کے بغیر آزادی اظہار رائے تمام معاشروں میں اخلاقی قدروں کی تنزلی کا باعث بن رہی ہے، جب کہ عالمی سطح پر مذہبی، فرقہ وارانہ اور نسلی بنیادوں پر عدم مساوات، عدم برداشت میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ اور عالمی صحت کی فراہمی جیسے اہم چیلنجز بھی پیش نظر ہیں، "دہشت گردی عالمی سطح پر پوری انسانیت کے لیے ایک مشترکہ چیلنج ہے، جس کے خلاف جنگ میں پاکستان آرمی کا عزم غیر متزلزل ہے۔ مغربی سرحدوں کو محفوظ بنایا جارہا ہے فتنہ الخوارج کو دنیا کی تمام دہشت گرد تنظیموں اور پراکسیز کی آماجگاہ بن چکی ہے 'پاکستان دنیا اور خطے میں امن اور استحکام کے لیے اپنا اہم کردار ادا کر رہا ہے اور کرتا رہے گا۔' انڈیا کے انتہا پسندانہ عزائم کی وجہ سے بیرون ملک خاص طور پر امریکہ، برطانیہ اور کینیڈا میں بھی اقلیتیں محفوظ نہیں رہیں۔ مقبوضہ جموں و کشمیر میں انڈیا کا ظلم و بربریت بھی ہندوتوا نظریے اور پالیسی کا تسلسل ہے، جب کہ اس مسئلے کا اقوام متحدہ کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق حل ناگزیر ہے۔ پاک فوج جہاں آزاد کشمیر بھر میں سیز فائر لائن پر ملک کی جغرافیائی سرحدوں کی حفاظت کا فریضہ انجام دے رہی ہے وہاں آزاد کشمیر کے عوام کو صحت تعلیم اور دیگر شعبہ جات میں سہولیات کی فراہمی میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے یوتھ کو انگیج کر کے انہیں حقائق سے آگاہ کرنے اور میڈیا کے ذریعے پاکستان کا اصل چہرہ دنیا کو دکھانے کیلئے عملی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں گزشتہ کچھ عرصے سے پاکستان آرمی کے زیر اہتمام مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے زعماء کی ورکشاپس کا انعقاد کیا جا رہا ہے، اس ضمن میں پاک آرمی اور آزاد کشمیر حکومت کے اشتراک سے آزاد کشمیر کے دارالحکومت مظفرآباد میں قائم ادارے کشمیر انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ میں میڈیا اور یوتھ کی دوسری ورکشاپ گزشتہ دنوں منعقد ہوئی، چار روزہ تربیتی ورکشاپ میں طلبا و طالبات سمیت مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت اس موقع پر شرکاء کو جھوٹی خبروں اور غلط معلومات کے ذریعہ پھیلائے جاتے والے پروپگنڈے سے متعلق آگاہی فراہم کی گئی جبکہ مسئلہ کشمیر کے حوالہ سے خصوصی سیشن بھی منعقد کیے گئے، ورکشاپ کے دس کے قریب مختلف سیشن ہوئے جن سے عسکری قیادت، سابق صدر آزاد کشمیر معروف سفارتکار سردار مسعود خان، چیف سیکرٹری آزاد کشمیر خوشحال خان،، صحافی محمد اسلم میر، طارق محمود بٹ، ڈاکٹر مبشر نقوی سمیت اعلی فوجی و سول افسران سمیت ماہرین نے تربیتی ورکشاپ میں لیکچر دیے شرکاء کا کہنا تھا کہ وہ پاک فوج اور حکومت آزاد کشمیر کے مشکور ہیں جنہوں نے انتہائی اہم موضوع پر تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا جس سے ہمیں مسئلہ کشمیر کے متعلق اہم ایشوز کے ساتھ ساتھ سوشل میڈیا پر ملکی سلامتی کے اداروں کے خلاف ہونے والے پراپیگنڈے کے حوالے سے تفصیلی آگاہی فراہم کی گئی، ایسی ورکشاپس نوجوان نسل کے لئے وقت کی اہم ضرورت ہیں، سوشل میڈیا کے ذریعے بھارت ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت پروپگنڈا اچھالنے میں مصروف عمل ہے، نوجوان پروپگنڈے کی پہچان نہ کر پانے کی صورت میں قصداً پراپیگنڈہ کا حصہ بن جاتے ہیں، ضرورت اس امر کی ہے کہ سکولز کالجز، یونیورسٹیوں میں نوجوان نسل کو سوشل میڈیا کے منفی اور مثبت اثرات کے ساتھ ساتھ ملک دشمن عناصر کے افعال قبیح سمیت اس پراپیگنڈے سے آگاہی فراہم کی جائے، تربیتی ورکشاپ کے آخر میں شرکاء کو سرٹیفکیٹس بھی نوازا گیا قبل ازیں ورکشاپ سے خطاب اور لیکچر دیتے ہوئے سابق صدر آزاد کشمیر سردار مسعود خان کا کہنا تھا کہ سی پیک ہماری لائف لائن اور پاکستان کی معاشی ترقی و خوشحالی کی ضمانت ہے چین کی حکومت اور عوام نے مشترکہ محنت لگن کی بدولت ترقی کی اور دنیا کی سب سے بڑی اور مضبوط معیشت بن گیا جہاد کی اہمیت اسلام سے واضح ہے مسلمانوں کو جہاد سے الگ نہیں کیا جاسکتا تاہم اسلام میں از خود جہاد کا تصور نہیں جہاد کے اعلان کا اختیار اسلامی ریاست کو حاصل ہے دنیا کا مزاج بدل چکا ہمیں ترقی کے لیے جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرنا ہوگا کشمیر بینک کو شیڈول ہو جانا چاہیے ازاد کشمیر میں اس وقت 3400 میگاواٹ بجلی پیدا ہو رہی ہے جبکہ آئندہ 10 سال میں یہاں سے 10 ہزار میگاواٹ بجلی پیدا ہوسکتی ہے، انھوں نے کہا کہ پاکستان اور چین کی دوستی کسی تعارف کی محتاج نہیں پاکستان کا چین کے ساتھ بہترین فوجی سیاسی اور معاشی تعلق ہے مشترکہ فوجی مشقیں اس کا واضح ثبوت ہے چین زندگی کے ہر شعبہ میں بہت آگے ہے اور اس وقت 140 ممالک کے ساتھ سرمایہ کاری کر رہا ہے چین نے ترقی سخت محنت اور عوامی لگن سے کی بھارت دنیا کے سامنے دو چہرے رکھتا ہے وہ ایک طرف تو امریکہ کے ساتھ ہے جبکہ دوسری جانب اس کی نظریں روس سے تعلقات پر ہیں اور وہ بیک وقت برکس اور ایس سی او کا ممبر ہے ان کا کہنا تھا کہ کشمیر میں عملاً جہاد کا آغاز 1832 میں مہاراجہ کے خلاف بغاوت سے ہوا اور اس کے بعد یہ سلسلہ چلتا گیا ہندوستان اپنے آئین میں جتنی بھی تبدیلیاں کرلے وہ بین الاقوامی برادری کے لیے اقوام متحدہ کی قراردادوں کا متبادل نہیں ہو سکتیں ان کا کہنا تھا کہ ازاد کشمیر میں بجلی پیدا کرنے کے ذرائع موجود ہیں اس شعبے پر مزید توجہ دینا ہوگی جبکہ کشمیر بینک کو اگر شیڈول کر دیا جائے اور ازاد کشمیر کی یونیورسٹیوں میں نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی بالخصوص سافٹ ویئر اور اے ائی کی طرف راغب کیا جائے تو ہم مستقبل میں بہترین معاشی ترقی کر سکتے ہیں انہوں نے کہا کہ جہاد کو تقویت دیں مسلمان اور جہاد کو الگ نہیں کیا جاسکتا تاہم جہاد کے لیے ضروری ہے کہ اس کا اعلان ریاست کرے کوئی شخص از خود جہاد کا فیصلہ نہیں کر سکتا سابق سفیر نے بتایا کہ پاکستان ایک پر امن ملک ہے لیکن اگر کوئی پاکستان پر جنگ مسلط کرتا ہے تو اس سے بھرپور جواب دینے کے لیے اپنی تیاری کرنے کا پورا حق حاصل ہے ورکشاپ سے ازاد کشمیر کے سنئیر صحافی محمد اسلم میر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میڈیا میں کسی چیز کو بغیر ثبوت کے پیش نہیں کیا جانا چاہیے اور لوگوں کو چاہیے کہ وہ ثبوت کے بغیر کسی چیز پر یقین نہ کریں انہوں نے کہا کہ ماضی میں پرنٹ میڈیا کو اہمیت حاصل تھی اور ڈیکلریشن حاصل کرنے کے لیے بہت سے مراحل سے گزرنا پڑتا تھا بعد ازاں الیکٹرانک میڈیا میں بھی چینل کے لائسنس حدود و قیود مقرر کر کے دیے جاتے تھے مگر موجودہ سٹیزن جرنلزم یا سوشل میڈیا چونکہ مادر پدر ازاد ہے اس لیے فیک نیوز سب سے بڑا چیلنج ہے غلط معلومات تباہی پھیلانے کا باعث بنتی ہیں ائین پاکستان کے تحت معلومات تک رسائی کا حق دیا گیا ہے مگر ان معلومات کا غلط استعمال قابل گرفت ہے سوشل میڈیا کے سٹرکچر کو ری ڈیزائن کرنے کی ضرورت ہے میڈیا کو قواعد و ضوابط کی پابندی کرنی چاہیے الیکٹرانک اور سوشل میڈیا کے لیے ضروری ہے کہ وہ سچائی غیر جانبداری ازادی اپنے محاسبہ اور اعتماد کی فضا کو فروغ دیں ان کا کہنا تھا کہ منفی ذہن صرف تنقید کرتا ہے ذمہ دار صحافی کا کام ہے کہ وہ معاملہ کی تحقیق کرے اور سنی سنائی بات اور خواہش کو خبر نہ بنائے انہوں نے کہا کہ دو سوال ایک شخص کے ذہن میں ہونا ضروری ہے کہ اپ کیا جاننا چاہتے ہیں اور اپ کو کیا جاننا چاہیے رائے عامہ کو سچائی کے ساتھ تبدیل کیا جانا چاہیے نہ کہ رائے عامہ کو پراپیگنڈے کے طور پر غلط استعمال کیا جائے ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کے مخالف ممالک بالخصوص ہمارا پڑوسی ملک بھارت پاکستان کے اندر افراتفری پیدا کر کے پاکستان کی معیشت کو کمزور رکھنا چاہتا ہے اور اس مقصد کے لیے اس نے بہت سارے پلیٹ فارم ترتیب دیے ہیں ہمیں ان کا آلہ کار نہیں بننا چاہیے ان کا کہنا تھا کہ صحافت ذمہ داری کے ساتھ ہونا چاہیے اور سوشل میڈیا پر آنے والی کسی بھی چیز کو جانچ پرکھ کر آگے بھیجنا چاہیے انہوں نے کہا کہ میڈیا کا کام صرف منفی چیزوں کو اجاگر کرنا نہیں بلکہ میڈیا کی ذمہ داری میں اچھائیوں کو سامنے لانا بھی ہے یوتھ اینڈ میڈیا کشمیر ورکشاپ میں ازاد کشمیر کے سینئر صحافیوں او جوانوں یونیورسٹی کے طلبہ و طالبات اور دیگر افراد نے شرکت کی اور منتظمین کو خراج تحسین پیش کیا، چیف سیکرٹری آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر خوشحال خان نے شرکاء ورکشاپ سے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ آزاد جموں و کشمیر کا خطہ جغرافیائی طور پر پاکستان کے کئی اضلاع سے منسلک ہے، جو اس کے مذہبی، جغرافیائی اور ثقافتی تعلقات کو ظاہر کرتا ہے۔ آزاد جموں و کشمیر کی منفرد جغرافیائی حیثیت اور قدرتی وسائل اسے غیر معمولی اہمیت کا حامل بناتے ہیں۔ پاکستان اور کشمیر کے لوگوں کا رشتہ نہ صرف مذہبی بلکہ ثقافتی جذباتی اور تاریخی بھی ہے۔ آزاد کشمیر میں سیاحت اور معدنی وسائل کا وسیع پوٹینشل موجود ہے، جسے پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ذریعے اقتصادی ترقی کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ آزاد کشمیر میں سیاحت کا وسیع پوٹینشل موجود ہے سیاحت کو فروغ دے کر ریاست کی معاشی حالت میں بہتری لائی جاسکتی ہے۔ سیاحت پر توجہ دینے سے نہ صرف روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے بلکہ خطے کی معیشت بھی مستحکم ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کا نظام گورننس دیگر صوبوں کے مقابلے میں بہتر اور زیادہ موثر ہے۔ یہاں کے سیاسی، انتظامی اور عدالتی ادارے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کر رہے ہیں اور عوامی خدمات کی فراہمی کا نظام معیار زندگی کو بہتر بنانے میں نمایاں کردار ادا کر رہا ہے۔ عوامی احتساب کا نظام مضبوط ہے، جو حکومت اور عوام کے درمیان اعتماد کو فروغ دیتا ہے۔ چیف سیکرٹری نے نوجوانوں کو خطے کا قیمتی اثاثہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ انہیں ووکیشنل ٹریننگ دے کر ہنرمند بنایا جاسکتا ہے۔ اس سے وہ نہ صرف اپنے لیے بلکہ دوسروں کے لیے بھی روزگار کے مواقع پیدا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بیرون ملک مقیم کشمیری ہمارا قیمتی اثاثہ ہیں۔ انکے لیے یہاں سرمایہ کاری کے بے شمار مواقع موجود ہیں، جو معیشت کو مزید مضبوط کرنے میں مددگار ثابت ہوں گے۔ حکومت کی کوشش ہے کہ محدود وسائل کے باوجود عوام کو بہترین سہولیات فراہم کی جائیں۔ عوامی فلاح و بہبود کے منصوبے، تعلیم، پبلک ورکس اور سماجی بہبود جیسے شعبے حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ سیشن کے دوران نوجوانوں کے سوالات کا جواب دیتے ہوئے چیف سیکرٹری نے کہا کہ ہمیں چاہیے کہ سنی سنائی باتوں پر یقین نہ کریں اور مثبت طرز عمل اپنائیں۔ حکومت آزاد کشمیر کی اہم ترجیح عوام کی فلاح و بہبود ہے اور اس مقصد کے تحت 66 کروڑ روپے کی لاگت سے 76 ہزار نئے میٹرز لگائے جارہے ہیں، جس سے بجلی کے لائن لاسز میں کمی آئے گی۔ چیف سیکرٹری نے بجلی کے موثر استعمال کی ترغیب دیتے ہوئے کہا کہ اگر بجلی سستی دستیاب ہے تو سب کو میٹر لگوانے چاہئیں، جو افراد بل جمع نہیں کروائیں گے، ان کی بجلی منقطع کر دی جائے گی۔ نوجوانوں کو مخاطب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہمیں یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ تبدیلی ہمیشہ خود سے شروع ہوتی ہے محنت اور لگن سے ہم اپنے مقاصد حاصل کرسکتے ہیں۔ نوجوان قوم کا مستقبل ہیں اور ان کی توانائی اور عزم ریاست کی ترقی میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔ حکومت آزاد کشمیر عوامی فلاح کے منصوبوں کو ترجیح دے رہی ہے اور تمام وسائل کو عوام کے معیار زندگی بہتر بنانے کے لیے استعمال کررہی ہے۔ قارئین پاک فوج ہمارے دفاع کی ضامن ہے آزاد کشمیر اور پاک فوج لازم و ملزوم ہیں آزاد کشمیر کے بیشتر اضلاع سیز فائر لائن پر واقع ہیں کشمیری مسلح افواج پاکستان کے بے وردی سپاہی کی حیثیت سے پاک فوج کے شانہ بشانہ ملک کی جغرافیائی سرحدوں حفاظت میں مصروف عمل ہیں دعا ہے کہ اللہ تبارک وتعالی کشمیریوں کو آزادی کی نعمت سے نوازے تاکہ تکمیل پاکستان کا خواب شرمندہ تعبیر ہو سکے۔

☆☆☆☆☆

تمام مضامین نیک نیتی سے شائع کیے جاتے ہیں، کالم نگاروں کی آراء سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں۔۔۔(ادارہ)

یونین آف کالمسٹس کا غازی ملت پریس کلب کے اعزاز میں استقبالیہ

صحافت ریاست کا چوتھا ستون، مشکل حالات کے باوجود صحافیوں نے اپنی بھرپور خدمات انجام دی ہیں

مستقبل میں بھی مل کر بھرپور انداز میں مسائل کو اجاگر کریں گے، محترمہ سدرہ ارم کبیر، شفقت ضیاء و دیگر کا خطاب

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) بانی چیئرپرسن آزاد جموں کشمیر یونین آف کالمسٹس محترمہ سدرہ ارم کبیر نے کہا کہ صحافت ریاست کا چوتھا ستون ہے، غازی ملت پریس کلب راولاکوٹ کے صحافیوں نے ہمیشہ مشکل حالات میں رہتے ہوئے معاشرتی مسائل کو نہ صرف اجاگر کیا بلکہ ان کے حل کیلئے بھی طویل اور بھرپور جدوجہد کی ہے، قلم اور الفاظ کی حرمت، قلم ہم سب کا اہم فریضہ ہے جس پر قائم رہتے ہوئے ہم معاشرہ کی بہتری کیلئے بھرپور (بقیہ 01 صفحہ نمبر 03 پر)

راولاکوٹ: آزاد جموں و کشمیر یونین آف کالمسٹس کی جانب سے غازی ملت پریس کلب راولاکوٹ کے اعزاز میں منعقدہ تقریب کے اختتام پر گروپ فوٹو

امریکا میں قید افغان جنگجو کے بدلے 2 امریکی شہری رہا

امریکی قید سے رہائی پانے والے افغان شہری خان محمد کے کابل پہنچنے کی تصدیق

کابل (صباح نیوز) افغان حکومت نے امریکا میں قید افغان جنگجو خان محمد کی رہائی کے بدلے 2 امریکی شہریوں کو جیل سے رہا کرنے کا اعلان کر دیا۔ امریکا میں قید خان (بقیہ 02 صفحہ نمبر 03 پر)

جنوبی کشمیر کا 11 سال کا کمسن لڑکا

ٹریفک حادثے میں جاں بحق

سری نگر (کے پی آئی) جنوبی کشمیر کا ایک 11 سال کا کمسن لڑکا ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق جنوبی (بقیہ 03 صفحہ نمبر 03 پر)

گورنمنٹ بوائز مڈل سکول کھلانہ کے لیے کمپیوٹر لیب فراہم

پروقار افتتاحی تقریب، عوامی حلقوں کی جانب سے زبردست خیر مقدم

چناری (خصوصی رپورٹر) کیئر کشمیر سعودی عرب کی جانب سے لائن آف کنٹرول پر واقع گورنمنٹ بوائز مڈل سکول کھلانہ کے لیے کمپیوٹر لیب فراہم کر دی گئی، کمپیوٹر لیب کی فراہمی کے حوالے سے گورنمنٹ مڈل سکول کھلانہ میں شاندار افتتاحی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں کیئر کشمیر کے (بقیہ 04 صفحہ نمبر 03 پر)

پاکستان میں دہشتگردی میں ملوث

افغان شہری ژوب میں ہلاک

راولپنڈی (صباح نیوز) پاکستان میں دہشتگردی میں ملوث افغان شہری کو ہلاک کر دیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (بقیہ 05 صفحہ نمبر 03 پر)

بھارتی یوم جمہوریہ کے موقع پر یوم سیاہ منانے کے حوالے سے تیاریاں

بھارت کے یوم جمہوریہ 26 جنوری کو ریاست بھر کی طرح حویلی، کوٹلی میں کشمیری یوم سیاہ کے طور پر منائیں گے

ریلی میں شہری، طلبہ، وکیل سمیت معاشرے کے تمام مکاتب فکر کے لوگ شامل ہوں گے، ڈپٹی کمشنر حویلی، کوٹلی کی گفتگو

حویلی کہوٹہ (پی آئی ڈی) ڈپٹی کمشنر رفیعہ عمران شاہین کی زیر صدارت بھارت کے یوم جمہوریہ کو یوم سیاہ کے طور پر منانے کے حوالے سے اجلاس کا انعقاد۔ بھارت کے یوم جمہوریہ 26 جنوری کو ریاست بھر کی طرح حویلی کہوٹہ میں کشمیری یوم سیاہ کے طور پر منائیں گے۔ بھارت نے (بقیہ 06 صفحہ نمبر 03 پر)

کوٹلی (پی آئی ڈی) ڈپٹی کمشنر مجسٹریٹ ناصر رفیق کی زیر صدارت اجلاس میں 26 جنوری ہندوستان کے یوم جمہوریہ کو یوم سیاہ کے (بقیہ 07 صفحہ نمبر 03 پر)

پلاٹ برائے فروخت
5 مرلہ 7.5 مرلہ اور 10 مرلہ کے
پلاٹ فوری برائے فروخت
چنار گیسٹ ہاؤس کے پاس
بہترین لوکیشن پر
قیمت انتہائی مناسب
اوورسیز کے لئے خصوصی رعایت
برائے رابطہ:۔ 0312-9659117 / 0349-5412694

چھچھوا بن کراس تا جھولا ناڑہ سڑک کی شدید خستہ حالی

عوام علاقہ کا شدید احتجاج، متعلقہ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

پانیولہ (نامہ نگار) چھچھوا بن کراس تا جھولا ناڑہ سڑک کی خستہ حالی کے خلاف عوام علاقہ کا شدید احتجاج یہ سڑک ہزاروں افراد کے رسل و رسائل کا ذریعہ ہے جو کنڈرات کا بدترین نمونہ پیش کر رہی ہے بار بار کی یاد دہانیوں اور احتجاج کے باوجود حکومت نے اس جانب توجہ دی نہ محکمہ شاہرات (بقیہ 17 صفحہ نمبر 03 پر)

مظفرآباد: سید ضمیر کاظمی کو اے ایس آئی ترقیاب ہونے پر بیج لگائے جا رہے ہیں

وزیراعظم کی قومی اسمبلی میں آمد پر اپوزیشن کی ہلڑ بازی

ایجنڈے کی کاپیاں پھاڑ دیں، حکومتی ارکان کی بھی جواب میں نعرے بازی

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیراعظم شہباز شریف قومی اسمبلی کے اجلاس میں شرکت کیلئے پہنچے تو ایک ہنگامہ مچ گیا۔ اپوزیشن اور حکومت نمائندگان کی جانب سے شدید نعرے بازی کی گئی، جس سے کارروائی کرنا محال ہو گیا، اپوزیشن نے ایوان کو مچھلی بازار بنا دیا۔ اسپیکر ایاز صادق کی زیر صدارت قومی اسمبلی کا اجلاس ہوا جس میں اپوزیشن نے وزیراعظم کی آمد پر شدید احتجاج شروع (بقیہ 16 صفحہ نمبر 03 پر)

سانحہ گاؤ کدل کے شہدا کی عظیم قربانیوں کو یاد رکھا جائیگا، غلام محمد صفی

حریت رہنماؤں کا شہدائے گاؤ کدل کو انکے یوم شہادت پر شاندار خراج عقیدت

اسلام آباد (کے پی آئی) کل جماعتی حریت کانفرنس آزاد کشمیر شاخ نے شہدائے گاؤ کدل کو انکے یوم شہادت پر شاندار خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ 21 جنوری 1990 کو بھارتی فورسز نے گاؤ کدل سرینگر میں 50 سے زائد کشمیریوں کو قتل کر دیا تھا۔ کل جماعتی حریت کانفرنس آزاد کشمیر شاخ کے کنوینر غلام محمد صفی اور جملہ حریت قیادت نے اسلام آباد میں جاری ایک بیان میں (بقیہ 15 صفحہ نمبر 03 پر)

عوامی فلاح و بہبود خدمت خلق کو اپنا شعار سمجھتے ہیں، نمبردار ظہور خان

ہماری بھرپور انداز میں یہ کوشش ہے کہ جہاں جس منصوبہ کی ضرورت ہے وہاں ترجیحی بنیادوں پر کام کیا جائے

عوام کی مشکلات کے خاتمے، سہولیات کی فراہمی، دکھوں کے مداوے کے طور پر جدوجہد جاری رکھیں گے، خطاب

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) ڈسٹرکٹ کونسلر یونین کونسل ہورنہ میرہ نمبردار سردار محمد نذیر خان کے چھوٹے بھائی نمبردار سردار محمد ظہور خان نے اپنی رہائشگاہ ہورنہ میرہ میں ظہرانہ دیا گیا، جس میں سرکردہ سیاسی و سماجی شخصیات، بلدیاتی نمائندگان اور نوجوانوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی، اس موقع پر سیاسی و سماجی امور سمیت مختلف ترقیاتی و فلاحی منصوبہ جات پر بھی مشاورت کی گئی اور تجاویز کا تبادلہ بھی کیا گیا نمبردار ظہور خان نے گفتگو کرتے (بقیہ 18 صفحہ نمبر 03 پر)

ہورنہ میرہ: ڈسٹرکٹ کونسلر نمبردار نذیر خان کے چھوٹے بھائی نمبردار ظہور خان کی طرف سے اپنی رہائشگاہ پر مختلف شخصیات کے اعزاز میں ظہرانہ، گروپ فوٹو

جماعت اسلامی خیبر پختونخوا وسطی کی صوبائی مجلس شوریٰ کا اعلان

شوریٰ میں 4 عالم دین، 5 ماہرین تعلیم، 4 وکلا، 6 کاروباری شخصیات شامل

پشاور (صباح نیوز) جماعت اسلامی خیبر پختونخوا وسطی کی صوبائی مجلس شوریٰ کا اعلان کر دیا گیا، نو منتخب مجلس شوریٰ میں 4 عالم دین، 5 ماہرین تعلیم، 4 وکلا، 6 کاروباری شخصیات، (بقیہ 20 صفحہ نمبر 03 پر)

شمالی کشمیر میں فائرنگ میں زخمی

بھارتی فوجی اہلکار ہلاک

سری نگر (کے پی آئی) شمالی کشمیر میں فائرنگ میں زخمی ہونے والا بھارتی (بقیہ 19 صفحہ نمبر 03 پر)

عوامی امنگوں کی آئینہ دار نئی سیاسی جماعت کا قیام ناگزیر ہے، امتیاز خان

آزاد کشمیر کے عوام وفاق کی سیاسی جماعتوں کے مقابلے میں افواج پاکستان کیساتھ خود کو زیادہ کمفرٹیبل سمجھتے ہیں

آزاد کشمیر میں اس وقت سب سے مقبول سیاسی لیڈر سابق وزیراعظم سردار تنویر الیاس خان ہیں، سابق معاون خصوصی

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) سردار امتیاز خان سابق معاون خصوصی وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر نے کہا ہے کہ نئی سیاسی جماعت کا قیام ناگزیر ہے، آزاد کشمیر پاکستان کا مضبوط دفاعی حصار ایک فصیل، آزاد کشمیر کی مخصوص حیثیت، سیاسی حالات و واقعات اور موجودہ صورتحال میں ایک نئی سیاسی جماعت جو عوام کی امنگوں کی آئینہ دار ہو کا قیام اشد ضروری ہے، آزاد کشمیر کے عوام (بقیہ 21 صفحہ نمبر 03 پر)

پانیولہ، پنشن میں مہنگائی کے تناسب سے اضافے کا مطالبہ

غریب ریٹائرڈ ملازمین کو مشکلات سے نجات دلائی جائے، راجہ مشکور کیانی

پانیولہ (نامہ نگار) نواحی موضع گمر کے معروف سماجی رہنما اور (ر) واپڈا کارکن راجہ مشکور کیانی نے قلیل پنشن کو ناکافی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ گرانی کے اس دور میں ہمیں ملنے والی پنشن سے گزارہ ممکن نہیں اس حوالے سے قبل ازیں بھی محکمہ جنگلات کے اعلیٰ حکام (بقیہ 23 صفحہ نمبر 03 پر)

اکاؤنٹنٹ جنرل افتخار علی کا سب

آفس اے جی آزاد کشمیر کا دورہ

اسلام آباد (پی آئی ڈی) اکاؤنٹنٹ جنرل آزاد جموں و کشمیر افتخار علی اسدی نے سب آفس اے جی آزاد کشمیر کونسل کا (بقیہ 22 صفحہ نمبر 03 پر)

راولاکوٹ: چیئرمین پرسن آزاد جموں کشمیر یونین آف کالمسٹس محترمہ سدرہ ارم کبیر، مرکزی صدر مظفر مغل و دیگر صدر غازی ملت پریس کلب راولاکوٹ شفقت ضیاء سمیت عہدیداران و ممبران کو منعقدہ تقریب کے اختتام کے موقع پر کتابوں کے تحائف پیش کر رہے ہیں

یونین کونسل سنگولہ میں گورنمنٹ کالج ہائی سکول کے قیام کی ضرورت پر زور

پچیس ہزار آبادی اور نو وارڈوں پر مشتمل یونین کونسل میں تعلیمی سہولیات نہ ہونے سے لوگوں کو شدید مشکلات

گرلز ہائی سکول شمالی سنگولہ کو کالج کا درجہ دیا گیا تھا لیکن طویل عرصہ گزر جانے کے باوجود اس پر عملدرآمد نہ ہوا، الطاف حسین

سنگولہ (نمائندہ خصوصی) تقریباً پچیس ہزار آبادی اور نو وارڈوں پر مشتمل یونین کونسل سنگولہ میں ایک بھی گورنمنٹ کالج نہیں ہے جبکہ زیریں، جنوبی سنگولہ میں ایک بھی گورنمنٹ ہائی سکول نہیں ہے۔ جن لوگوں کے پاس وسائل ہیں وہ اپنے بچوں کو نجی تعلیمی اداروں میں داخل کرا دیتے ہیں جبکہ غریب اور کمزور طبقہ کے بچے مڈل کے بعد تعلیم ادھوری چھوڑ دیتے ہیں۔ اس طرح نونہالوں کا مستقبل تاریک ہو رہا ہے۔ سنگولہ سے تعلق (بقیہ 08 صفحہ نمبر 03 پر)

پانیولہ، ناقص آٹے کے باعث پیٹ کی بیماریوں میں اضافہ

وزیراعظم آزاد کشمیر سمیت دیگر ذمہ داران سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

پانیولہ (نامہ نگار) محکمہ خوراک آزاد کشمیر کی طرف سے پانیولہ میں ناقص آٹے کی فراہمی عوام پیٹ کی بیماریوں میں مبتلا ہونے لگے فوڈ اتھارٹی و دیگر اشیاء خورد و نوش پر کنٹرول کرنے کے بجائے چراغ تلے اندھیرے کے مصداق آٹے کی کوالٹی تک بہتر نہیں کر سکی گزشتہ چند ہفتے ان علاقوں میں فراہم کردہ آٹے کی کوالٹی اس قدر خراب ہے کہ یہ کھانے والے مختلف بیماریوں میں مبتلا ہونے لگے مقامی (بقیہ 09 صفحہ نمبر 03 پر)

مقبوضہ کشمیر، 26 کروڑ روپے کی

900 اعلیٰ قسم کی بھیڑیں درآمد

کرنے کا فیصلہ

سری نگر (کے پی آئی) مقبوضہ جموں و کشمیر حکومت 26 کروڑ روپے کی لاگت سے آسٹریلیا سے 900 اعلیٰ قسم کی (بقیہ 10 صفحہ نمبر 03 پر)

سرینگر: بھارتی فوج کی حراست میں لاپتہ کشمیری کے لواحقین کا احتجاج

جنوری 1992 کو سراج الدین فاروقی کو فوج نے حراست میں لیا تھا، اہل خانہ کی تلاش میں مدد کی اپیل

”ہمیں فیاض کی خیریت کے بارے میں کچھ معلوم نہیں ہے آیا وہ زندہ بھی ہے یا نہیں“ برادر نسبتی فیاض احمد زرگر

سری نگر (کے پی آئی) جموں و کشمیر میں 1992 میں بھارتی فوج کی حراست کے دوران لاپتہ ہونے والے کشمیری شہری سراج الدین فاروقی کے اہل خانہ نے انسانی حقوق کی بین الاقوامی تنظیموں سے اس کی تلاش میں مدد کی اپیل کی ہے۔ سرینگر کے علاقے نوہٹہ کے رہائشی سراج الدین فاروقی کو بھارتی بارڈر سکیورٹی فورس کے اہلکاروں نے 22 جنوری 1992 کو کریک ڈاؤن آپریشن کے دوران گرفتار کیا تھا۔ فاروقی کو دراصل (بقیہ 11 صفحہ نمبر 03 پر)

کمیشن بننے پر مذاکرات کا سلسلہ جاری رہ سکتا ہے، فیصل جاوید

سینیٹر فیصل جاوید کی حفاظتی ضمانت میں 10 فروری تک توسیع، میڈیا سے گفتگو

پشاور (صباح نیوز) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما اور سینیٹر فیصل جاوید نے کہا ہے کہ کمیشن بننے پر ہی مذاکرات کا سلسلہ جاری رہ سکتا ہے۔ پشاور ہائیکورٹ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فیصل جاوید کا کہنا تھا کہ 9 مئی اور 26 نومبر کے واقعات پر کمیشن (بقیہ 14 صفحہ نمبر 03 پر)

مظفرآباد: انسپکٹر تھانہ پولیس سی آئی اے جاوید احمد سائیں سہیلی سرکار کے عرس کے موقع پر آنے والوں کی چیکنگ کر رہے ہیں

سوات، ایک مکان کی چھت گرنے سے 3 افراد جاں بحق

تینوں چھت گرنے کے نتیجے میں ملبے تلے دب کر جاں بحق ہوئے، ذرائع

سوات (صباح نیوز) سوات کی تحصیل خوازہ خیلہ میں ایک مکان کی چھت گرنے سے 3 افراد جاں بحق ہو گئے۔ اطلاعات کے مطابق شاہین شیر خانے میں طہر نامی شخص کے (بقیہ 13 صفحہ نمبر 03 پر)

ہٹیاں بالا گرڈ سٹیشن کیلئے متبادل ٹرانسفارمر کی عدم دستیابی

عوام شدید مشکلات اور پریشانیوں سے دوچار، حکام سے نوٹس کا مطالبہ

چناری (خصوصی رپورٹر) واپڈا کی من مانیاں اور محکمہ برقیات آزاد کشمیر کی نااہلی، گرڈ سٹیشن ہٹیاں بالا کے لیے لائے گئے تقریباً 32 کروڑ مالیت کے 26 میگا واٹ خراب ٹرانسفارمر کی (بقیہ 12 صفحہ نمبر 03 پر)

جہلم ویلی کی یونین کونسل کو ہیلتھ پیکیج میں نظرانداز کرنے کیخلاف ڈیڈ لائن

4 فروری 2025 تک حکومت آزاد کشمیر نے نوٹس نہ لیا تو کسی بھی راست اقدام سے ہرگز گریز نہیں کیا جائے گا

یونین کونسل کھلانہ کے لوگ متحد ہیں کسی کو بھی یونین کونسل پسماندہ رکھنے کی اجازت نہیں دیں گے، سول سوسائٹی کا احتجاج

چناری (خصوصی رپورٹر) ضلع جہلم ویلی کی یونین کونسل کھلانہ کو حکومتی ہیلتھ پیکیج میں نظرانداز کرنے پر سول سوسائٹی کھلانہ ویلی نے 4 فروری تک حکومت آزاد کشمیر کو ازالہ کے لیے ڈیڈ لائن دے دی، مطالبات پورے نہ ہونے کی صورت میں پانچ فروری کے روز مظفرآباد کی طرف لانگ (بقیہ 24 صفحہ نمبر 03 پر)

راولاکوٹ: پبلک سیکٹر ایمپلائز فیڈریشن کے نومنتخب ممبران سے مرکزی صدر پی ڈبلیو ڈی ورکرز یونین افتخار شاہین حلف لے رہے ہیں

حکومت سہولیات کی فراہمی میں ناکام ہو چکی، سید نور الحسن

صحت اور تعلیم کی بنیادی سہولیات ہر شہری کو مساوی طور پر فراہم کی جائیں

چناری (خصوصی رپورٹر) جماعت اسلامی آزاد جموں و کشمیر ضلع جہلم ویلی حلقہ چھ کے جنرل سیکرٹری سید نور الحسن شاہ کاظمی نے کہا ہے کہ ریاست شہریوں کو بنیادی ضروریات (بقیہ 26 صفحہ نمبر 03 پر)

یاسر صدیق کی والدہ کے انتقال پر

مختلف زعماء کا افسوس

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) سرپرست اعلیٰ میرج ہال ایسوسی ایشن راولاکوٹ سردار شاذیب شبیر، صدر میرج ہال ایسوسی ایشن (بقیہ 25 صفحہ نمبر 03 پر)

شہدائے گاؤ کدل کے 35 ویں یوم شہادت پر خراج عقیدت

بھارتی فوج نے 1990 میں فائرنگ کر کے 50 نہتے کشمیری شہید کر دیے تھے

سری نگر (کے پی آئی) کل جماعتی حریت کانفرنس کے رہنماؤں اور تنظیموں نے شہدائے گاؤ کدل کو ان کے 35 ویں یوم شہادت پر شاندار خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ بھارتی (بقیہ 26 صفحہ نمبر 03 پر)

سردار ارشد غازی کے انتقال پر

مختلف زعماء کا افسوس

سنگولہ (نمائندہ خصوصی) راولاکوٹ کے نواحی گاؤں بھمکوہ، سنگولہ سے (بقیہ 27 صفحہ نمبر 03 پر)

باغ: ای ایس پی پلندری ساجد عمران، ایس ایس پی راجہ اکمل، سردار سوئی خان، سردار یاسین بیگ، سیاب عباسی، راجہ شفیق، ڈاکٹر آفتاب، حافظ طارق و دیگر الوداعی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

باغ: وزیر حکومت سردار میر اکبر خان، سردار سفیر خان، سردار رشید طاہر، سردار شاہ زمان، سردار عتیق، محمود حیات، شفیق انور و دیگر ٹنڈر پور میں جلسہ سے خطاب کر رہے ہیں

For DAILY KASHMIR DHARTI NEWS UPDATE
FOLLOW US ON
Kashmir Dharti Digital
Dailydharti/facebook
Dailydharti/group
Dailydharti/twitter
Dailydharti/Instagram
Dailydharti/zoom
روزنامہ کشمیر دھرتی
HD NEWS

چیف ایڈیٹر و پبلشر عابد صدیق نے کوہسار پریس سے چھپوا کر بینک روڈ راولاکوٹ سے شائع کیا۔ فون 05824-445864 ، فیکس 05824-445865 ای میل dailydharti@gmail.com

بقیہ 1

کردار ادا کرتے رہیں گے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے یہاں گزشتہ روز غازی ملت پریس کلب راولاکوٹ کے نو منتخب صدر شفقت ضیاء اور دیگر عہدیداروں کے اعزاز میں یونین آف کالمسٹ آزاد کشمیر کی طرف سے دی گئی استقبالیہ تقریب سے خطاب کے دوران کیا، اس تقریب سے مرکزی صدر یونین آف کالمسٹ محمد عقیل، سینئر صحافی و جنرل یونین آف جموں کشمیر کے ضلعی صدر سید مسعود گردیزی، محمد خلیل انجم سینئر نائب صدر ڈویژن میرپور، طارق زاہد سلطانی نائب صدر کوٹلی آزاد جموں وکشمیر یونین آف کالمسٹس، مرزا جمیل احمد شاہد نائب صدر اسلام گڑھ میرپور، پروفیسر سلیم آسی ڈویژنل صدر میرپور، ڈاکٹر عابد جنجوعہ جنرل سیکرٹری ڈویژن میرپور، محمد خلیل انجم سینئر نائب صدر ڈویژن میرپور، مرزا جمیل احمد شاہد نائب صدر اسلام گڑھ میرپور، راجہ شبیر احمد لیگل ایڈوائزر یونین آف کالمسٹس و دیگر نے بھی خطاب کیا جبکہ سٹیج سیکرٹری کے فرائض جنرل سیکرٹری غازی ملت پریس کلب راولاکوٹ عمر خیام نے انجام دیئے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سردار ادریس نے غازی ملت پریس کلب راولاکوٹ کے صدر شفقت ضیاء و دیگر منتخب عہدیداران کو مبارکباد پیش کی اور اس توقع کا اظہار کیا کہ وہ قلم کی حرمت و تقدس کا خیال رکھتے ہوئے حسب سابق اپنی ذمہ داریوں کو احسن انداز میں نبھاتے رہیں گے۔ تقریب سے خطاب کے دوران صدر غازی ملت پریس کلب راولاکوٹ شفقت ضیاء نے یونین آف کالمسٹ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ صحافی معاشرے کی آنکھ، کان، ناک ہوتے ہیں جو ہمیشہ ہی بے لوث معاشرہ کی خدمت کا فریضہ انجام دیتے آئے، کوئی بھی عہدہ اور کوئی بھی ذمہ داری ہم سب کے پاس ایک امانت ہوتی ہے اور امانت میں خیانت کرنے والا معاشرہ کا بھی ہمدرد انسان نہیں ہو سکتا، یونین آف کالمسٹس انتہائی سلجھے ہوئے کالم نگاروں کا ایک پلیٹ فارم ہے جو ہمیشہ سے ہی قلم کی طاقت کا استعمال کرتے ہوئے معاشرہ کو اصلاح کی طرف لے جا رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ ہمیں امید ہے یہ سلسلہ ہمیشہ جاری و ساری رہے گا جس میں غازی ملت پریس کلب سمیت تمام دوست ہر وقت ایک دوسرے کے ساتھ تعاون اور مل جل کر بہترین کردار ادا کرنے کیلئے کوشاں رہیں گے۔

بقیہ 2

محمد افغانستان منتقل کئے۔ قیدیوں کے تبادلے کے بارے میں بات چیت کی تصدیق گزشتہ سال ہوئی تھی لیکن اس تبادلے کا اعلان اس وقت کیا گیا جب سبکدوش ہونے والے امریکی صدر جو بائیڈن نے اقتدار ڈونلڈ ٹرمپ کے حوالے کر دیا ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق افغان وزارت خارجہ کی جانب سے منگل کو جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ امریکا میں قید افغان جنگجو خان محمد کو امریکی شہریوں کے بدلے رہا کر دیا گیا ہے اور وہ وطن واپس آ گئے ہیں، افغان وزارت خارجہ نے کہا کہ خان محمد کو تقریباً دو دہائی قبل مشرقی افغان صوبے ننگرہار سے گرفتار ہونے کے بعد کیلیفورنیا میں عمر قید کی سزا کاٹ رہے تھے۔

بقیہ 3

کیمپ کے ٹیک پور علاقہ پورہ میں ایک نامعلوم کار نے عرفان ریاض ولد منظور شاہ نامی کو شدید زخمی کر دیا۔ حادثے کے بعد اسے ہسپتال میں داخل کرا دیا گیا۔ اس دوران وہ زخموں کی تاب نہ لا کر چل بسا۔

بقیہ 4

چیف ایگزیکٹو چوہدری طارق ساگر، ڈائریکٹر چوہدری کبیر اقبال سمیت علاقہ کی شخصیات، معززین علاقہ، بلدیاتی نمائندوں نے شرکت کی۔ تقریب آمد پر کیئر کشمیر کے چیف ایگزیکٹو طارق ساگر، ڈائریکٹر چوہدری کبیر اقبال، کیئر کشمیر کی ٹیم کا ادارہ کے طلباء، سٹاف کی جانب سے شاندار استقبال کیا گیا، افتتاحی تقریب سے کیئر کشمیر کے چیف ایگزیکٹو چوہدری طارق ساگر نے کہا کہ مجھے خوشی ہے کہ ایک ماڈل سکول کی طرف سے مطالبہ آیا تھا کہ یہاں کمپیوٹر لیب کی ضرورت ہے اور ایک ماہ میں ہی کمپیوٹر لیب تیار ہوئی۔ مجھے امید ہے یہ بچے دور جدید کی ٹیکنالوجی سے علم حاصل کرتے ہوئے علاقہ کی تعمیر و ترقی میں اپنا کردار ادا کریں گے، آخر میں پرنسپل گورنمنٹ بوائز مڈل سکول کھلانہ یعقوب منہاس نے کیئر کشمیر سعودی عرب کے سی ای او طارق ساگر، فنڈنگ ڈائریکٹر کیئر کشمیر چوہدری کبیر اقبال اور ان کی ٹیم کا کمپیوٹر لیب دینے پر شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 5

(آئی ایس پی آر) کے مطابق ملک میں دہشتگردی میں ملوث افغان شہری کو بلوچستان کے ضلع ژوب میں ہلاک کر دیا گیا ہے۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ 11 جنوری کو ہلاک کیے گئے افغان شہری کی شناخت محمد خان احمد خیل کے نام سے ہوئی ہے، افغان شہری افغانستان کے صوبے پکتیا کے علاقے بلورائی کا رہائشی تھا۔

بقیہ 6

مقبوضہ جموں وکشمیر پر کیمپوں کی مرضی کے خلاف غاصبانہ قبضہ کر رکھا ہے۔ ہر سال کی طرح اس سال 26 جنوری 2025 بھارت کے یوم جمہوریہ پر ضلع حویلی کہوٹہ کے صدر مقام حویلی اور سب ڈویژن ممتاز آباد خورشید آباد کے مقام پر یوم سیاہ کے طور پر منایا جائے گا، اس حوالے سے ڈسٹرکٹ حویلی کہوٹہ میں یوم سیاہ منانے کی تیاریاں مکمل کر لی گئیں ہیں۔ سول سوسائٹی، انجمن تاجران، طلباء، ملازمین، وکلا کو یوم سیاہ کی احتجاجی ریلی و جلسوں میں شرکت کی دعوت۔ اجلاس میں ایس ایس پی خواجہ امیر الدین، چیئرمین ضلع کونسل جاوید ڈار، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر جاوید افضل کیانی، اسسٹنٹ کمشنر ہیڈکوارٹر حویلی سرفراز شاد، اسسٹنٹ کمشنر راجہ بابر نثار، افسر اطلاعات راجہ علاؤالدین منہاس، کے علاوہ مختلف محکمہ جات کے آفیسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں طے پایا کہ 26 جنوری 2025 بھارت کے یوم جمہوریہ کے موقع پر کشمیری ریاست بھر کی طرح ضلع حویلی کہوٹہ میں یوم سیاہ کے طور پر منائیں گے۔ 26 جنوری کو احتجاجی ریلیاں نکالی جائیں گے، بھارت کے خلاف جلوس بھی نکالے جائیں گے۔ ہر مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کو یوم سیاہ کی احتجاجی ریلی/جلوس میں شرکت کی دعوت دی جاتی ہے۔

بقیہ 7

طور پر منانے کی تیاریوں کو حتمی شکل دے دی گئی۔ 11 بجے احتجاجی ریلی نکالی جائے گی جو ڈی سی آفس سے شروع ہو کر آبشار چوک اختتام پذیر ہوگی۔ ریلی میں شہری، طلبہ، وکیل سمیت معاشرے کے تمام مکاتب فکر کے لوگ شامل ہوں گے۔ اجلاس اے ڈی سی شکیل عالم، ڈی ایس پی محمد گلریز، ڈی ای او سید جمشید، گیلانیٹین سردار افضل مصطفیٰ، کوارڈم آفیسر طارق محمود ملک، الیکشن رضوان شبیر مرزا، چیف آفیسر راشد چوہدری، اوقاف آفیسر انوار گورسی، صدر ایکا سردار کلفراز سمیت دیگر محکموں کے سربراہان نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان اپنے آپ کو بڑا جمہوری ملک ہونے کا دنیا بھر میں ڈھنڈورا پیٹتا ہے لیکن مقبوضہ کشمیر میں اس کا کردار ایک فاشسٹ قابض ملک کا ہے۔ 26 جنوری کو کشمیری ہندوستان کے یوم جمہوریہ کے موقع پر یوم سیاہ منائیں گے۔

بقیہ 8

رکھنے والے سینکڑوں طلبہ و طالبات راولاکوٹ کے سرکاری و نجی سیکٹر میں قائم تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم ہیں۔ طلبہ و طالبات کی کثیر تعداد ٹوٹا ہائی ایس گاڑیوں میں سفر کرتے ہیں۔ جبکہ گاڑیوں کے چھتوں پر بھی بچے سفر کرتے ہیں۔ ٹھٹھری خون جما دینے والی سردی میں بچے سفر کی مشکلات جھیل رہے ہیں۔ گورنمنٹ بوائز مڈل سکول بیرموں سنگولہ عوام علاقہ کی ابتدائی درسگاہ ہے۔ یہ ادارہ سنگولہ کے عین وسط میں ہے۔ طویل عرصہ ہوا اس ادارے کو اپ گریڈ نہ کیا گیا ہے۔ سابق امیدوار برائے ڈسٹرکٹ کونسلر الطاف حسین نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کے دور حکومت میں گورنمنٹ گرلز ہائی سکول شمالی سنگولہ کو کالج کا درجہ دیا گیا تھا لیکن طویل عرصہ گزر جانے کے باوجود اس پر عملدرآمد نہ ہوا جو لمحہ فکریہ ہے۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری سکول بہ ہاڑی سنگولہ کی عمارت جو اکتوبر 2005ء کے زلزلہ میں متاثر ہوگئی تھی طویل عرصہ انیس سال گزرنے کے باوجود عمارت کی تعمیر کے اقدامات نہ کئے گئے جو حکمرانوں کی بے حسی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ وکیل کونسلر یعقوب اعوان نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ زیریں بہ ہاڑی نزد بیرموں تا اپر سنگولہ فل چوک رابطہ سڑک کی عدم پختگی کے باعث عوام علاقہ کو دشواریوں کا سامنا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ جار نسلیں سنگولہ کے عوام آج کے ترقی یافتہ دور میں بھی کٹھن زندگی گزار رہے ہیں اور بھاری بوجھ کندھوں پر اٹھا کر میلوں پیدل سفر کرتے ہیں۔

بقیہ 9

ان میں تاجران عوامی سیاسی اور سماجی حلقوں نے ناقص آٹے کی فراہمی کے خلاف شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعظم آزاد کشمیر وزیر خوراک اور محکمہ خوراک کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ناقص آٹے کو ڈپوؤں سے واپس اٹھا کر معیاری آٹے کی فراہمی یقینی بنائی جائے تاکہ حفظان صحت کے اصولوں پر عملدرآمد یقینی بن سکے۔

بقیہ 10

بھیڑیں درآمد کرے گی۔ درآمد شدہ بھیڑوں کو اسٹریلیا میں مکمل طور پر ایک ماہ قرنطینہ کے عمل سے گزرنا پڑے گا۔ ان بھیڑوں

کے لیے راجباغ سری نگر، ٹھٹھہ جموں میں پہلے ہی ایک مرکز قائم کیا جا چکا ہے۔ 900 بھیڑوں میں سے 450 جموں اور 450 وادی کو دی جائیں گی۔

بقیہ 11

مطابق سرینگر میں اپنی سسرال سے حراست میں لیا گیا تھا۔ فیاض کے برادر نسبتی فیاض احمد زرگر نے میڈیا کو بتایا ہے کہ ہمیں فیاض کی خیریت کے بارے میں کچھ معلوم نہیں ہے آیا وہ زندہ بھی ہے یا نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم گزشتہ 30 برس سے اس کی واپسی کا منتظر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہر جگہ تلاش کے باوجود بھی وہ کہیں نہیں مل سکا ہے۔ فیاض فاروقی کے بیٹے عادل سراج اور ایک اور شہری دلاور کو فیاض کو 2019 میں جھوٹے اور من گھڑت الزامات کے تحت بھارتی فورسز نے گرفتار کیا تھا اور وہ بدستور قید ہیں۔ حریت رہنماؤں نے عالمی برادری پر زور دیا ہے کہ وہ مقبوضہ علاقے میں دوران حراست گمشدگیوں اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے واقعات کی تحقیقات کرے۔ انہوں نے فیاض فاروقی کے بارے میں معلومات فراہم نہ کرنے پر بھارتی قابض حکام کو تنقید کا نشانہ بنایا۔

بقیہ 12

جلد تبادل ٹرانسفارمر ایک ماہ گزرنے کے باوجود بجلیاں بحال نہ ہو سکا جہلم ویلی بھر میں بجلی بحران شدت اختیار کر گیا عوام شدید مشکلات اور پریشانیوں سے دوچار، حکام خاموش تماشائی بن گئے۔ تفصیلات کے مطابق تقریباً تین ماہ قبل واپڈا نے محکمہ برقیات آزاد کشمیر کی جانب سے خریدا گیا تقریباً 26 میگا واٹ 32 کروڑ روپے مالیت کا ٹرانسفارمر بجلیاں بھیجا، جس کی جب گزشتہ ماہ دسمبر میں تنصیب شروع کی گئی تو وہ خراب نکلا۔ دسمبر میں ہی ترجمان محکمہ برقیات جہلم ویلی کی جانب سے جاری پریس ریلیز میں موقف اختیار کیا گیا تھا کہ سیکرٹری برقیات آزاد کشمیر کی ہدایت پر چیف انجینئر برقیات مظفرآباد کی پشاور میں واپڈا حکام کے ساتھ ہونے والی میٹنگ میں طے پایا ہے کہ آئندہ چند روز میں خراب پاور ٹرانسفارمر بجلیاں بالا گرڈ اسٹیشن سے لاہور کمپنی میں بھیج دیا جائے گا، اس کی جگہ متبادل ٹرانسفارمر جلد از جلد گرڈ اسٹیشن بجلیاں بالا پر نصب کیا جائے گا جس سے لوڈشیڈنگ میں کمی واقع ہوگی، چند دن کے بجائے خراب ٹرانسفارمر کی جگہ نیا ٹرانسفارمر ایک ماہ گزرنے کے بعد بھی بجلیاں بالا نہ پہنچ سکا، جس کے باعث ضلع جہلم ویلی بھر میں بجلی بحران شدت اختیار کر گیا ہے۔ یاد رہے کہ بجلیاں بالا گرڈ اسٹیشن پر پہلے سے نصب ٹرانسفارمر زیادہ لوڈ برداشت نہیں کر سکتا جس کے باعث بجلی کا لوڈ بڑھتے ہی بجلی ٹرپ ہو جاتی ہے، سردیوں میں جہلم ویلی بھر میں بجلی کی لوڈشیڈنگ میں کئی کئی گھنٹے اضافہ ہونے سے عوام کی مشکلات بڑھ جاتی ہیں، عوامی حلقوں نے نئے 26 میگا واٹ ٹرانسفارمر کے آنے پر سکھ کا سانس لیا تھا لیکن جب ٹرانسفارمر کے خراب ہونے کی اطلاعات سامنے آئیں تو عوام کی امیدوں پر پانی پھر گیا، عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ جلد از جلد واپڈا حکام نیا ٹرانسفارمر بجلیاں بالا پہنچائیں اور تنصیب یقینی بنائیں، محکمہ برقیات بھی نئے ٹرانسفارمر کو منگوانے کے لیے ہاتھ، پاؤں ہلائے تاکہ عوام کی مشکلات میں کمی آئے، دوسری جانب جہلم ویلی میں مقامی پاور ہاؤس کھنائی، چھم فال اور شاریاں میں پانی کی کمی کے باعث بجلی کی پیداوار انتہائی کم ہے، چھم پاور ہاؤس کے افتتاح پر عوام نے خوشی کا سانس لیا تھا لیکن پی ڈی او کے مطابق چھم فال پاور ہاؤس سے پانی کی کمی کے باعث 3.2 اعشاریہ 2 میگا واٹ کی جگہ صرف تین سو کلو واٹ بجلی پیدا ہو رہی ہے، جو یونین کونسل کروجیاں کو بھی پوری کرنا ممکن نہیں ہے۔

بقیہ 13

مکان کی چھت منہدم ہوگئی۔ ملبے تلے دبے افراد کو نکال کر ہسپتال منتقل کیا گیا، جن کی شناخت شبیر کی اہلیہ، ایک بیٹا عبدالرحمن اور بیٹی مروا کے نام سے ہوئی، جو تینوں چھت گرنے کے نتیجے میں دب کر جاں بحق ہو گئے۔ واضح رہے کہ گزشتہ ہفتے بھی سوات میں ایک مکان کی چھت گرنے سے متعدد افراد زخمی ہو گئے تھے۔ یہ واقعہ ضلع سوات میں مدین کے علاقے بالا سور میں پیش آیا تھا، جس میں ملبے تلے دب کر پانچ افراد زخمی ہو گئے تھے۔

بقیہ 14

جانے کا مطالبہ ہے، جب تک مطالبات نہیں مانے جاتے، اس وقت تک مذاکرات کامیاب نہیں ہو سکتے۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو ایک بار پھر 14 سال قید کی سزا دی گئی، بشریٰ بی بی گھریلو خاتون ہیں ان کو بھی سزا ہوئی، القادر ٹرسٹ کیس میں حکومت کو کوئی نقصان ہی نہیں ہوا، یہ کیس عدالت میں اڑ جائے گا، عمران خان کو سیاسی انتقام کا نشانہ بنایا گیا۔ سینیٹر فیصل جاوید کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی کسی صورت ڈیل نہیں کریں گے، پاکستان میں استحکام کا فقدان ہے، عمران خان جس دن جیل سے باہر آئیں گے سرمایہ کاری شروع ہوگی۔ قبل ازیں پشاور ہائی کورٹ نے پی ٹی آئی رہنما اور سینیٹر فیصل جاوید کی حفاظتی ضمانت میں 10 فروری تک توسیع کر دی۔ پشاور ہائیکورٹ کے جسٹس فہیم شاہ اور جسٹس وقار احمد نے پی ٹی آئی رہنما کی مقدمات کی تفصیلات کے لئے درخواست پر سماعت کی، فیصل جاوید وکلا سمیت عدالت میں پیش ہوئے۔ وکیل درخواست گزار نے موقف اپنایا کہ وفاقی حکومت نے درخواست گزار کے خلاف مقدمات درج کیے ہیں، مقدمات تفصیلات کیلئے درخواست دائر کیا ہے۔ ڈپٹی اٹارنی جنرل نے کہا کہ ہم اس میں رپورٹ جمع کریں گے تھوڑا وقت دیا جائے۔ عدالت نے کہا کہ 14 دن